E-mail: dailypublic.faisalabad@gmail.com..... 0333-4883972

Daily PUBLIC Faisalabad

MEMBER APNS

ABC Certified

روزنامہ پبلک فیصل آباد

فیصل آباد، کوئٹہ اور کراچی سے بیک وقت اشاعت پذیر

ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

اتوار 11 اکتوبر 2026ء/28 ربیع الثانی 1448ھ/قیمت 10 روپے | شمارہ 241 | جلد 24

حکومتی منصوبوں کی کامیابی کا تعین ان کے عملی نتائج اور عوام کی زندگیوں میں بہتری سے ہونا چاہیے۔ جامعات اور تحقیقی اداروں کو پالیسی سازی میں معاونت فراہم کرنی چاہیے

# نوجوانوں کی شمولیت، میرٹ اور وسائل کی منصفانہ تقسیم پاکستان کی ترقی کے لیے ناگزیر ہیں، سپیکر

وسائل کا چند ہاتھوں میں ارتکاز اور مڈل کلاس کے لیے محدود ہوتے مواقع معاشرتی ترقی میں رکاوٹ ہیں

میرٹ کے نام پر صوابدیدی اختیارات کا استعمال تباہ کن ہے، سپیکر پنجاب اسمبلی کا یونیورسٹی آف لاہور میں کانفرنس سے خطاب

لاہور (این این آئی) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے کہا ہے کہ پاکستان کی ترقی کے لیے میرٹ، وسائل کی منصفانہ تقسیم اور نوجوانوں کی قومی معاملات میں موثر شمولیت ضروری ہے۔ وسائل کا چند ہاتھوں میں ارتکاز اور مڈل کلاس کے لیے محدود ہوتے مواقع معاشرتی ترقی میں رکاوٹ ہیں جبکہ میرٹ کے نام پر صوابدیدی اختیارات کا استعمال تباہ کن ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار یونیورسٹی آف لاہور میں جنرز ایوان ارٹیریشن: چیلنجز، امکنیں اور عزت نفس کو مستقبل کے عنوان سے منعقدہ قومی مکالمہ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے کہا کہ نوجوانوں کی آراء، شناخت اور عزت نفس کو اہمیت دینا ضروری ہے۔ سیاسی قیادت کو محض نظام کو سنوارنے اور ملک کو ترقی یافتہ ممالک کی صف میں شامل کرنے کے لیے سنگ میل ثابت ہوگا، منصوبے کے ذریعے لاکھوں نوجوانوں، بالخصوص خواتین، کو بااختیار بنانے میں مدد ملے گی۔ اسلام آباد میں نیشنل ٹیکنالوجی پارک فعال ہونے کے بعد چاروں صوبوں میں مزید ٹیکنالوجی پارکس قائم کرنے کی راہ ہموار ہوگی، شہباز شریف

# نیشنل ٹیکنالوجی پارک پاکستان میں آئی ٹی کے فروغ کا سنگ میل ثابت ہوگا، وزیراعظم

مصنوعی ذہانت اور انفارمیشن ٹیکنالوجی سے زراعت، صنعت، مینوفیکچرنگ، معدنیات اور حکومتی شعبوں سمیت مختلف میدانوں میں استفادہ کیا جا سکے گا

پاکستان جدید ٹیکنالوجی کے فروغ اور نوجوانوں کی پیشہ ورانہ مہارتوں میں اضافے کے ذریعے ترقی کی نئی منزلیں حاصل کر سکتا ہے، تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ نیشنل ٹیکنالوجی پارک پاکستان میں انفارمیشن ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت کے فروغ، نوجوانوں کو جدید ہنر سکھانے اور ملک کو ترقی یافتہ ممالک کی صف میں شامل کرنے کے لیے سنگ میل ثابت ہوگا، منصوبے کے ذریعے لاکھوں نوجوانوں، بالخصوص خواتین، کو بااختیار بنانے کے مواقع فراہم کیے جائیں گے۔ اسلام آباد میں نیشنل ٹیکنالوجی پارک کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ یہ منصوبہ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 15)



لاہور: اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان گورنر سندھ نہال ہاشمی کی ملاقات کے موقع پر یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

## سپریم کورٹ نے عدالتی اور ادارہ جاتی اصلاحات پر جامع رپورٹ جاری کر دی

رپورٹ میں نومبر 2024 سے ستمبر 2026ء تک کی عدالتی اور ادارہ جاتی اصلاحات کا احاطہ کیا گیا ہے

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان نے عدالتی اور ادارہ جاتی اصلاحات پر جامع رپورٹ جرنی قمرو ریفارم ایڈوائزری بورڈ 2026ء جاری کر دی۔ رپورٹ میں نومبر 2024ء سے ستمبر 2026ء تک کی عدالتی اور ادارہ جاتی اصلاحات کا احاطہ اور مقدمات کے موثر انتظام و انصرام کا جائزہ لیا گیا ہے۔ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 14)

## پیر میں مریضوں کیلئے سہولتیں بڑھانے کا فیصلہ، نئے شعبے اور خصوصی تعلیمی پروگرام شروع

پیڈز میں سانحے کے بعد نئے ایگزیکٹو ڈائریکٹر نے بڑے پیمانے پر ادارہ جاتی اصلاحات کا اعلان کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز (پمز) میں سانحے کے بعد نئے ایگزیکٹو ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر خنجر خالق نے بڑے پیمانے پر ادارہ جاتی اصلاحات کا اعلان کر دیا۔ اصلاحاتی اقدامات میں اسپتال کے انظرا اسٹرکچر کی جدید کاری، طبی سہولتوں کی بہتری اور تعلیمی سرگرمیوں میں توسیع شامل ہیں۔ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 13)

## نوجوانوں کو کھیلوں جیسی صحت مند سرگرمیوں کی جانب راغب کرنا ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

بلوچ نوجوان کو سازش کے تحت لاحاصل جنگ میں دھکیلا جا رہا ہے، سرفراز بگٹی کی میڈیا سے گفتگو

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ نوجوانوں کو کھیلوں جیسی صحت مند سرگرمیوں کی جانب راغب کرنا ہے۔ کوئٹہ آل پاکستان سی ایم الیون ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ٹورنامنٹ کی افتتاحی تقریب کے بعد میڈیا سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 12)

## خیبر پختونخوا کے مسائل تصادم کی سیاست کے بجائے عوامی خدمت پر خرچ کیے جائیں

پاکستان کو محاذ آرائی نہیں، قومی یکجہتی درکار ہے۔ ملک کو استحکام اور تعاون کی بجائے عمل کار کردگی چاہیے، طارق فضل چوہدری

صوبے کے وسائل کو تصادم کی سیاست کے بجائے عوامی مسائل کے حل پر خرچ کیا جائے، وفاقی وزیر پارلیمانی امور کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پارلیمانی امور و کابینہ ڈویژن طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا صوبے کے وسائل اور سرکاری مشینری عوامی خدمت کے بجائے تصادم کی سیاست کے لیے استعمال کریں، صوبے کے وسائل کو عوامی مسائل کے حل پر خرچ کیا جائے۔ گزشتہ روز وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کی سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری پوسٹ پر ردعمل دیتے ہوئے طارق فضل چوہدری نے کہا کہ کارکنوں کو صوبائی اعتماد پہنچ پر خرچ کرنے اور آگے بڑھنے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 4)



## سپریم کورٹ نے عدالتی اور ادارہ جاتی اصلاحات پر جامع رپورٹ جاری کر دی

رپورٹ میں نومبر 2024ء سے ستمبر 2026ء تک کی عدالتی اور ادارہ جاتی اصلاحات کا احاطہ کیا گیا ہے

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان نے عدالتی اور ادارہ جاتی اصلاحات کا اعلان کر دیا۔ اصلاحاتی اقدامات میں اسپتال کے انظرا اسٹرکچر کی جدید کاری، طبی سہولتوں کی بہتری اور تعلیمی سرگرمیوں میں توسیع شامل ہیں۔ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 13)

## نوجوانوں کو کھیلوں جیسی صحت مند سرگرمیوں کی جانب راغب کرنا ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

بلوچ نوجوان کو سازش کے تحت لاحاصل جنگ میں دھکیلا جا رہا ہے، سرفراز بگٹی کی میڈیا سے گفتگو

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ نوجوانوں کو کھیلوں جیسی صحت مند سرگرمیوں کی جانب راغب کرنا ہے۔ کوئٹہ آل پاکستان سی ایم الیون ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ٹورنامنٹ کی افتتاحی تقریب کے بعد میڈیا سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 12)

## خیبر پختونخوا کے مسائل تصادم کی سیاست کے بجائے عوامی خدمت پر خرچ کیے جائیں

پاکستان کو محاذ آرائی نہیں، قومی یکجہتی درکار ہے۔ ملک کو استحکام اور تعاون کی بجائے عمل کار کردگی چاہیے، طارق فضل چوہدری

صوبے کے وسائل کو تصادم کی سیاست کے بجائے عوامی مسائل کے حل پر خرچ کیا جائے، وفاقی وزیر پارلیمانی امور کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پارلیمانی امور و کابینہ ڈویژن طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا صوبے کے وسائل اور سرکاری مشینری عوامی خدمت کے بجائے تصادم کی سیاست کے لیے استعمال کریں، صوبے کے وسائل کو عوامی مسائل کے حل پر خرچ کیا جائے۔ گزشتہ روز وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کی سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری پوسٹ پر ردعمل دیتے ہوئے طارق فضل چوہدری نے کہا کہ کارکنوں کو صوبائی اعتماد پہنچ پر خرچ کرنے اور آگے بڑھنے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 4)



## ریونیو ریکوری کے 100 فیصد اہداف حاصل کیے جائیں، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو

خانیوال (این این آئی) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو کی زیر صدارت ریونیو امور پر پیش رفت کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں زرعی ترقیاتی بینک کے عہدیداران، ریونیو ریکوری، ای آبیانہ، اے ٹی آئی، گرین پاکستان انرجی لمیٹڈ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 3)



## خیبر پختونخوا: شہریوں کا لانگ مارچ پر گروڈوں روپے خرچ کیے جانے پر تشویش کا اظہار

صوبے میں بڑھتی دہشت گردی اور عوام کی جان و مال کے تحفظ کیلئے حکومت بھگاتی بلاوں پر کئی اقدامات کرے، شہری

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے شہریوں نے ترقیاتی منصوبوں کے بجائے لانگ مارچ پر کروڑوں روپے خرچ کیے جانے پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ عوام نے کہا کہ صوبائی حکومت کو اجتماعی سیاست کے بجائے امن و امان کی بحالی، عوام کے تحفظ اور ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل پر توجہ دینی چاہیے۔

## علی زیب فاؤنڈیشن کی 31 ویں سالگرہ، انسانیت کی خدمت جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ

اس موقع پر ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیٹر سید غیور مرتضیٰ، ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید شاہد علی زیدی و دیگر موجود تھے

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) گزشتہ روز علی زیب فاؤنڈیشن کی 31 ویں سالگرہ منائی گئی۔ اس موقع پر ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیٹر سید غیور مرتضیٰ، ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید شاہد علی زیدی، دانش میئر مین سید عبداللہ شاہ، سیکرٹری جنرل ملک شبیر حسین، کوآرڈینیٹر میڈم صائمہ صدیق، پی آر او مرزا صدیق، ایڈوائزر ایاس بیگ، میاں کاشف اور ممبر سید ہاشم ظہیر کاٹ رہے ہیں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 10)



## لاہور ہائیکورٹ نے واپڈا ہاؤسنگ سوسائٹی کی اپیل خارج کر دی

اپیل دائر کرنے میں 2294 روز کی تاخیر معاف کرنے کی درخواست مسترد

فلٹ فورم پر اپیل اور وکیل کا فلٹ مشورہ تاخیر معافی کیلئے کافی نہیں، دور کی سوچ کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے واپڈا ایمپلائز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی کی جانب سے محمد حسن ستار اور دیگر کے معاملے میں دائر اپیل خارج کر دی۔ عدالت نے قرار دیا ہے کہ فلٹ فورم پر اپیل دائر کرنے کے باعث ہونے والی تاخیر خود معاف نہیں کی جا سکتی جبکہ اپیل کنندہ کو تاخیر کی معقول وجہ اور ٹھوس جواز بھی پیش کرنا ضروری ہے۔ لاہور ہائیکورٹ نے دو رکنی بینچ، جس میں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 9)

## جماعت اسلامی آج (اتوار) کو کراچی میں جلسہ عام کرے گی، عوام بھرپور شرکت کریں، جاوید قصوری

بجلی کے بلوں، مہنگائی اور ٹیکسوں کی بھرمار کے خلاف فرقانی دے

غریب عوام پر ٹیکسوں کا بوجھ اور اشرافیہ کو چھوٹ دینے کا سلسلہ بند کیا جائے

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان و سینئر رہنما جاوید قصوری نے کہا ہے کہ ملک کو مہنگائی، بے روزگاری اور بڑھتی ہوئی لاقانونیت نے عام آدمی کی زندگی کو مشکل بنا دیا ہے، بجلی اور ٹیکس کے بوجھ، ریلوے، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں اور دن کے ٹیکسوں نے عوام کی قوت خرید ختم کر کے رکھ دی ہے جبکہ دوسری طرف حکمران طبقہ اور ان کے حواری عیاشی میں مصروف ہیں۔ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 8)

## اسلام آباد آئی ٹی پارک کے قیام کا سہرا وزیراعظم کے سر ہے، شزہ فاطمہ

اسلام آباد آئی ٹی پارک کو آئی ٹی کمپنیوں، اسٹارٹ اپس، فری لانسرز اور تحقیقی سرگرمیوں کے لیے ایک ٹیکنالوجی مرکز کے طور پر تیار کیا گیا ہے

پارک کا قیام ٹیکنالوجی پر مبنی معیشت اور آئی ٹی برآمدات میں اضافے کی جانب اہم قدم ہے، وفاقی وزیر آئی ٹی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شزہ فاطمہ خواجہ نے کہا ہے کہ اسلام آباد آئی ٹی پارک کی تکمیل کا سہرا وزیراعظم محمد شہباز

Scanned with CamScanner

Daily PUBLIC Faisalabad

روزنامہ
پبلک
فیصل آباد

ایڈیٹرانچیف وسیم احمد

چیف ایڈیٹر و پبلشر وسیم احمد نے الرفیق افضالی پرنٹنگ پریس پاک گول امین پور بازار سے چھپوا کر پلاٹ نمبر P-289 بلاک A ستارہ کالونی کالج روڈ دمن آباد فیصل آباد سے شائع کیا

# نیشنل ٹیکنالوجی پارک ملک کو ترقی یافتہ ممالک کی صف میں شامل کرنے کے لیے سنگِ میل ثابت ہوگا

وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ نیشنل ٹیکنالوجی پارک پاکستان میں انفارمیشن ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت کے فروغ، نوجوانوں کو جدید ہنر سکھانے اور ملک کو ترقی یافتہ ممالک کی صف میں شامل کرنے کے لیے سنگِ میل ثابت ہوگا، منصوبے کے ذریعے لاکھوں نوجوانوں، بالخصوص خواتین، کو بااختیار بنانے کے مواقع فراہم کیے جائیں گے۔ اسلام آباد میں نیشنل ٹیکنالوجی پارک کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ یہ منصوبہ جدید خطوط پر تعمیر کیا گیا ہے، جہاں انکیوبیشن سینٹرز، اختراعی سرگرمیوں، نئے کاروبار شروع کرنے والے نوجوانوں اور طلبہ و اساتذہ کے لیے مختلف مواقع دستیاب ہوں گے، جدید ٹیکنالوجی میں مہارتیں حاصل کر کے نوجوان پاکستان کی معاشی ترقی میں اہم کردار ادا کر سکیں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ نیشنل ٹیکنالوجی پارک مکمل طور پر فعال ہونے کے بعد ملک کے چاروں صوبوں میں اس نوعیت کے مزید ٹیکنالوجی پارکس قائم کرنے کی راہ ہموار ہوگی، مصنوعی ذہانت اور انفارمیشن ٹیکنالوجی سے زراعت، صنعت، مینوفیکچرنگ، معدنیات اور حکومتی شعبوں سمیت مختلف میدانوں میں استفادہ کیا جا سکے گا۔ وزیراعظم نے بتایا کہ اس منصوبے کی بنیاد 2017 اور 2018 کے دوران رکھی گئی تھی، تاہم بعد میں اسے تاخیر کا سامنا کرنا پڑا، سیاسی پوائنٹ سکورنگ کے بجائے اس وقت اہم بات منصوبے کی تکمیل اور اسے نوجوانوں کے لیے جلد قابلِ استعمال بنانا ہے۔ انہوں نے منصوبے پر کام کرنے والی ٹیم، وزارتِ خزانہ، وزارتِ انفارمیشن ٹیکنالوجی اور متعلقہ حکام کی کوششوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کی محنت سے منصوبے کو آگے بڑھانے میں مدد ملی، جبکہ انہوں نے خود بھی متعدد اجلاسوں میں منصوبے کی پیش رفت کا جائزہ لیا تاکہ اسے جلد مکمل کر کے نوجوانوں کو اس سے فائدہ پہنچایا جا سکے۔ تقریب سے خطاب میں وزیراعظم نے جنوبی کوریا کے ساتھ اپنے دیرینہ تعلقات کا ذکر بھی کیا۔ انہوں نے بتایا کہ وہ پہلی مرتبہ 1985 میں جنوبی کوریا گئے تھے، جبکہ 1997 اور 1998 میں بھی وہاں کے دورے کیے۔ شہباز شریف نے جنوبی کوریا کی معاشی ترقی اور محنتی افرادی قوت کو سراہتے ہوئے کہا کہ پاکستان بھی جدید ٹیکنالوجی کے فروغ اور نوجوانوں کی پیشہ ورانہ مہارتوں میں اضافے کے ذریعے ترقی کی نئی منزلیں حاصل کر سکتا ہے۔

# نماز کی فضیلت



تحریر: امیر عبدالقدیر اعوان

ارشاد باری تعالیٰ ہے: وَاَقِیْمُوا الصَّلٰوۃَ وَاٰتُوا الزَّکٰوۃَ ... (البقرۃ: 110) ترجمہ: اور نماز قائم رکھو اور زکوٰۃ ادا کرتے رہو ...

# آخرت کی زندگی



تحریر: مولانا محمد اکرم اعوان

قرآن کریم نے بڑے واضح انداز میں بتایا ہے کہ دنیاوی زندگی کیا ہے ... (العنکبوت: 64) سوائے کھیل تماشے کے اس میں کچھ بھی نہیں ...



# حضرت صاحبزادہ پیر قاضی محمد فضل رسول حیدر رضوی رحمتہ اللہ علیہ نے تحریک ختم نبوت و تحریک نظام مصطفیٰ ﷺ میں تاریخی اور شاندار کردار ادا کیا

## آستانہ عالیہ محدث اعظم پاکستان رحمتہ اللہ علیہ کی ملکی تعمیر و ترقی اور احیائے اسلام کے لیے خدمات ناقابل فراموش ہیں

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) حضرت صاحبزادہ پیر قاضی محمد فضل رسول حیدر رضوی رحمتہ اللہ علیہ نے تحریک ختم نبوت و تحریک نظام مصطفیٰ ﷺ میں تاریخی اور شاندار کردار ادا کیا۔ آستانہ عالیہ محدث اعظم پاکستان رحمتہ اللہ علیہ کی ملکی تعمیر و ترقی اور احیائے اسلام کے لیے خدمات ناقابل فراموش ہیں۔ آپ رحمتہ اللہ علیہ نے اپنے علم و عمل کے ذریعے لوگوں کے سینوں کو منور کیا۔ آپ رحمتہ اللہ علیہ کی باوقار زندگی سے ہمیں رہنمائی حاصل کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان سنی تحریک کے مرکزی کوآرڈینیٹر و ممبر ضلعی امن کمیٹی پروفیسر پیر محمد آصف رضا قادری نے حضرت صاحبزادہ پیر قاضی محمد فضل رسول حیدر رضوی رحمتہ اللہ علیہ کے عرس کی تقریب سے سنی دفتر غلام محمد آباد میں خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ حضرت صاحبزادہ پیر قاضی محمد فضل رسول حیدر رضوی رحمتہ اللہ علیہ نے ساری زندگی خدمت اسلام میں وقف کی۔ علماء و مشائخ اور عوام اہلسنت کے لیے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 50)

# صحابہ کرام اور اہل بیت کے ناموس کے تحفظ کے بغیر ملک میں امن و امان قائم ہونا ناممکن ہے

## نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر اور خاندان کے افراد جو ایمان لائے لائق تعظیم ہیں: حافظ عبدالعزیز



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) حسان ایجوکیشنل اینڈ ویلفیئر سوسائٹی کے صدر و ڈائریکٹر یسی فوڈز پاکستان حافظ عبدالعزیز نے کہا ہے کہ صحابہ کرام اور اہل بیت کے ناموس کے تحفظ کے بغیر ملک میں امن و امان قائم ہونا ناممکن ہے لہٰذا امن و امان کے خواہشمند اور ذمہ داران اس بات کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے ناموس صحابہ و ناموس اہل بیت پر توجہ دیں اور صحابہ کرام (باقی صفحہ اندرونی نمبر 49)

# فرانس اور سپین کے بعد بیلجیئم میں بھی مظاہروں اور جھڑپوں کی آگ بھڑک اٹھی

## برسلز میں تعلیم کے اخراجات پر لوگوں کی بڑی تعداد سراپا احتجاج، کئی مقامات پر آگ لگا دی

برسلز (این این آئی) بیلجیئم کے دارالحکومت برسلز کی کئی سڑکیں پولیس اور نقاب پوش مظاہرین کے درمیان میدانِ جنگ بن گئیں۔ یہ صورت حال مہنگائی اور سرکاری اخراجات میں کٹوتی کے خلاف نکالے گئے ایک بڑے احتجاجی مارچ کے دوران پیش آئی۔ پولیس کے اندازوں کے مطابق دارالحکومت میں انسداد کفایت شعاری مارچ میں تقریباً 30 ہزار افراد نے شرکت کی۔ تاہم مرکزی ریلوے اسٹیشن کے قریب صورت حال نے اس وقت دوسرا رخ اختیار کر لیا جب درجنوں مظاہرین۔



فیصل آباد ڈیجیٹل میڈیا جرنلسٹ ایسوسی ایشن فیصل آباد کے وفد ... کا پنجاب اسمبلی لاہور کے دورہ کے موقع پر ... گروپ فوٹو

# فیصل آباد ڈیجیٹل میڈیا جرنلسٹ ایسوسی ایشن نے پنجاب اسمبلی کا دورہ کیا

## لیگی رہنما رانا احمد شہریار سے ملاقات کی۔ لیگی ایم پی اے نے صحافی کالونی پر پیشرفت کا وعدہ کیا

فیصل آباد ڈیجیٹل میڈیا جرنلسٹ ایسوسی ایشن فیصل آباد کے وفد نے قائدین چیئرمین غلام دستگیر، چیف آرگنائزر ظفران سرور، صدر صغیر ساہو، جنرل سیکرٹری عدیل مان اور چیئرمین الیکشن کمیشن محمد نعیم شاکر کی قیادت میں پنجاب اسمبلی لاہور کا دورہ کیا، جہاں اسمبلی نمائندوں نے انہیں ایوان کے امور پر تفصیلی بریفنگ دی۔ دورے کے دوران چیئرمین اسٹینڈنگ کمیٹی برائے ویلفیئر اینڈ بیت المال رانا احمد شہریار نے وفد کا پرجوش خیر مقدم کیا۔ ملاقات میں تنظیم کے صدر صغیر ساہو نے ڈیجیٹل میڈیا کی سرکاری سطح پر پذیرائی پر زور دیا، جبکہ قائدین نے فیصل آباد کے صحافیوں کے لیے "صحافی ہاؤسنگ کالونی" کے قیام کا مطالبہ سامنے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 47)

# بارکھان میں سی ٹی ڈی کی کارروائی، فتنہ الہندوستان کے 10 دہشت گرد ہلاک، شاہد رند

کوئٹہ (این این آئی) معاون وزیراعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے کہا ہے کہ بارکھان کے علاقے راڑہ شم میں کاؤنٹر (باقی صفحہ اندرونی نمبر 48)

# کراچی، اورنگی ٹاؤن میں غیرت کے نام پر بہن کا قتل، مرکزی ملزم گرفتار

## پسند کی شادی پر اہل خانہ ناراض تھے، جرگے اور صلح کے نام پر گھر بلانے کے بعد زرقا کو قتل کیا گیا، دو شریک ملزمان کی تلاش جاری

کراچی (این این آئی) اورنگی ٹاؤن میں پسند کی شادی کرنے والی بہن کو مبینہ طور پر غیرت کے نام پر قتل کرنے کے مقدمے میں پولیس نے مرکزی ملزم بھائی سفیر کو گرفتار کر لیا، جبکہ دو دیگر ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔ پولیس کے مطابق مقتولہ زرقا نے اپنے کزن عبدالمالک کے ساتھ پسند کی شادی کی تھی، جس پر اس کے اہل خانہ ناراض تھے۔


# TENDER NOTICE (E-PADS)
# FAISALABAD INSTITUTE OF CARDIOLOGY, FAISALABAD.

Faisalabad Institute of Cardiology, Faisalabad invites bids for the Financial Year 2026-27 on FOR basis from well reputed firms & Contractors who are registered with Income Tax, Sales Tax and Professional Tax and are on Active Taxpayers list of the Federal Board of Revenue for purchase of following tender through E-Tendering on Punjab e Procurement System.

| Sr. No. | Name of Item | Qty | Estimated Cost | Bid Security (Refundable) | Bids submission electronically on e-PADS | Tender opening on e-PADS |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | Outsource of Security Services | As per bidding | Rs. 40,213,452/- | 2% of Estimated Cost | 31.10.2026 at 11:00AM | 31.10.2026 at 11:30AM |
| 2 | Digital X-Ray Films | As per list | Rs.11,000,000/- | 1% of Estimated Cost | 31.10.2026 at 11:00AM | 31.10.2026 at 11:30AM |
| 3 | Air Reservoir | As per list | Rs.2,200,000/- | 1% of Estimated Cost | 31.10.2026 at 11:00AM | 31.10.2026 at 11:30AM |
| 4 | Computer & Printing Accessory Items | as per List | Rs.1,794,000/- | 1% of Estimated Cost | 31.10.2026 at 11:00AM | 31.10.2026 at 11:30AM |
| 5 | Linen Items | as per List | Rs. 10,000,000/- | 1% of Estimated Cost | 31.10.2026 at 11:00AM | 31.10.2026 at 11:30AM |

1. Procurement shall be made in accordance with Punjab Procurement Regulatory Authority Rules 2014 amended upto date on single Stage two envelope basis.
2. The Bidding documents carrying all details can be downloaded free of cost from the PPRA's website http://ep.punjab.gov.pk.
3. Bids should be submitted electronically on Punjab e-Procurement as above mentioned date & time against each tender separately which will be opened on same day at 11:30 AM through Punjab e- Procurement.
4. Bid security of estimated Cost as mentioned above in favour of F.I.C, Faisalabad separately for each tender should be submitted electronically against PSID generated through http://ep.punjab.gov.pk
5. Faisalabad Institute of Cardiology, Faisalabad will not be responsible for any cost or expense incurred by bidders about the preparation or delivery or electronic submission of bids.
6. All assessments and procuring procedure i.e. receiving. Opening and awarding etc. shall be governed by the PPRA Rules-2014 amended upto date & Punjab e- Procurement.
7. The purchaser reserves the rights to reject all bids as per Rule 35 of the PPRA Rules 2014.
8. The URL of the website of the PPRA is (http://ep.punjab.gov.pk) and response time shall be calculated exclusively from the date of publication of the advertisement on the website of the PPRA.

**Medical Superintendent**
Faisalabad Institute of Cardiology,
Faisalabad.

IPL-10725


بعدالت جناب اعجاز محمود صاحب نائب تحصیلدار جھنگ

درخواست تقسیم اراضی کھاتہ نمبر 4 واقع موضع دوسیرہ تحصیل و ضلع جھنگ۔ مالک خان بنام جاوید اختر پسر واصف علی قوم سیال عباس علی پسر طارق علی شاہ قوم بخاری غلام باقر پسر اللہ یار قوم ... q 706/AB ... 12/10/2026 بوقت 9 بجے حاضر عدالت ہوں

بعدالت جناب احمد شیر دھدوا صاحب نائب تحصیلدار صاحب جھنگ

درخواست تقسیم اراضی کھاتہ نمبر 1 واقع چک نمبر 463 جھنگ محمد عنصر وغیرہ بنام ناصر عباس ... بتاریخ 14/10/26 بوقت 9 بجے حاضر عدالت ہوں

Scanned with CamScanner

**بقیہ نمبر 1**

سکتا ہے۔ سپیکر ملک محمد احمد خاں نے غربت اور معاشی ناہمواری پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وسائل اور اختیارات کی منصفانہ تقسیم، میرٹ اور ترقی کے مساوی مواقع کے لیے سنجیدہ قومی مکالمہ ناگزیر ہے۔ انہوں نے غربت سے متعلق عالمی بینک کے اعداد و شمار کا جائزہ لینے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ ڈیجیٹل تعلیم کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ مصنوعی ذہانت اور جدید ٹیکنالوجی کے دور میں نوجوانوں کو ڈیجیٹل مہارتوں سے آراستہ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ لیپ ٹاپ اسکیموں کے ساتھ طلبہ کی عملی صلاحیتوں اور روزگار کے مواقع میں اضافے کو یقینی بنایا جائے۔ سرکاری اسکولوں میں بنیادی سہولتوں کے ساتھ ڈیجیٹل تعلیم کے فروغ اور تعلیمی پالیسیوں میں تحقیق پر مبنی اقدامات کی ضرورت ہے۔ وفاقی ہم آہنگی پر بات کرتے ہوئے سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خاں نے کہا کہ قومی یکجہتی کے لیے تمام وفاقی اکائیوں کے درمیان اعتماد، احترام اور شراکت داری ضروری ہے۔ وسائل کی تقسیم میں آبادی کے ساتھ تعلیم، صحت اور ترقیاتی ضروریات کو بھی مدنظر رکھنے پر غور کیا جانا چاہیے۔ صوبائی فنانس کمیشن کے ذریعے سماجی اور ترقیاتی اشاریوں کو شامل کرنے کے امکانات کا جائزہ لیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی منصوبوں کی کامیابی کا تعین ان کے عملی نتائج اور عوام کی زندگیوں میں بہتری سے ہونا چاہیے۔ جامعات اور تحقیقی اداروں کو پالیسی سازی میں معاونت فراہم کرنی چاہیے تاکہ قومی وسائل کے مؤثر استعمال اور عوامی فلاح کو یقینی بنایا جا سکے۔

**بقیہ نمبر 2**

حکومت کے وفد کے درمیان مذاکرات پر ہے، پاکستان تحریک انصاف سمیت اپوزیشن اور وفاقی حکومت کے درمیان مذاکرات کامیاب ہونے پر ایمرجنسی یا گورنر راج نہیں لگایا جائے گا۔ علاوہ ازیں خیبر پختونخوا میں گورنر راج یا ایمرجنسی لگانے کے معاملے کے باعث وفاقی کابینہ کے ارکان کو اسلام آباد میں رہنے کی ہدایت بھی کر دی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق وفاقی کابینہ کا اجلاس جلد بلائے جانے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم شہباز شریف اور اعلیٰ عسکری حکام کی شرکت متوقع ہے، اجلاس میں قومی سلامتی کے اداروں کی رپورٹس کا بھی جائزہ لیا جائے گا۔

**بقیہ نمبر 3**

کے اجرا اور کھیوٹ میوٹیشن کے مسائل پر بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں اپنا کھیت اپنا روزگار اسکیم کے فیز ٹو کے لیے اقدامات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو نے ہدایت کی کہ زرعی ترقیاتی بینک کے واجبات اور محکمہ مال کی ریکوری تیز کی جائے اور ریونیو ریکوری کے 100 فیصد اہداف حاصل کیے جائیں۔ انہوں نے گرین پراپرٹی سرٹیفکیٹس کے اجرا میں تیزی لانے، کھیوٹ میوٹیشن کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے اور ہفتہ وار اہداف مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ اپنا کھیت اپنا روزگار اسکیم کے فیز ٹو کے لیے مستند ڈیٹا مرتب کیا جائے اور ایسے موضع جات کی نشاندہی کی جائے جہاں اراضی کا ریکارڈ واضح اور مکمل ہو۔ اجلاس میں تمام متعلقہ ریونیو افسران نے شرکت کی۔

**بقیہ نمبر 4**

کے اعلانات سے صوبے کے مسائل حل نہیں ہوں گے، سیاسی مارچ سے نہ ترقی ہوگی، نہ روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔ خیبر پختونخوا کے عوام کو امن، تعلیم، صحت اور ترقی کب ملے گی؟ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت کی پہلی ترجیح عوامی مسائل کا حل ہونا چاہیے، سڑکوں پر سیاسی طاقت کا مظاہرہ خیبر پختونخوا کے عوام کے مسائل حل نہیں کرے گا۔ خیبر پختونخوا اس وقت دہشت گردی کا سامنا کر رہا ہے، وزیر اعلیٰ کی ترجیحات سیاسی محاذ آرائیاں ہیں، صوبے کے عوام کو سیاسی مارچ نہیں، اپنے مسائل کا حل چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو محاذ آرائی نہیں، قومی یکجہتی درکار ہے۔ ملک کو انتشار، انتقام اور نعروں کی بجائے عملی کارکردگی چاہیے۔ طارق فضل چوہدری نے کہا کہ ہم امن، قانون کی بالادستی اور جمہوری استحکام پر یقین رکھتے ہیں، ہر شہری کو پرامن احتجاج کا حق حاصل ہے لیکن قانون ہاتھ میں لینے اور عوامی زندگی کو مفلوج کرنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی، ریاستی اداروں سے تصادم کی کسی کوشش کو برداشت نہیں کیا جا سکتا۔

**بقیہ نمبر 5**

ہیں اور ان کے تحت مجموعی طور پر 718 کلومیٹر طویل سڑکوں کا احاطہ کیا گیا ہے۔

**بقیہ نمبر 6**

انتظامات مکمل کر لئے گے اور قافلے نے دعوت کے لئے ڈور ٹو ڈور رابطہ مہم میں جمعہ کے روز ساہیوال فروکہ اور سلانوالی کا دورہ کیا۔ تفصیلات کے مطابق عینک سازی کے فروغ اور خدمت بصارت کی اہمیت کو اجاگر کرنے کیلئے 14 اکتوبر کو آپٹیشنز ترجیحی سیمینار اور تنظیم کی حلف برداری ہو گی۔ جس کے مہمان خصوصی آئی سپیشلسٹ ڈاکٹر فضل محمود اعوان اور بزرگ آپٹیشن ہوں گے جن کے شاندار استقبال کے لئے چیئرمین غلام عباس بلوچ، صدر لیاقت حفیظ صدیقی اور جنرل سیکرٹری محمد شہزاد انصاری پر مشتمل استقبالیہ کمیٹی اور سابق صدر شیخ محمد علی، گروپ لیڈر عبدالحمید ڈوگر اور محمد وسیم پر مشتمل انتظامی کمیٹی تشکیل دے کر انتظامات مکمل کر لئے گے۔ اس موقع پر سیکرٹری اطلاعات شیخ نعیم طاہر نے بتایا کہ ترجیحی سیمینار صبح گیارہ بجے شروع ہو گا اور نماز ظہر کے بعد نو منتخب عہدیداران صدر لیاقت حفیظ صدیقی، سینئر نائب صدر جاوید خان، نائب صدر محمد ظفر، نائب صدر بھلوال عابد جنرل سیکرٹری محمد شہزاد انصاری جوائنٹ سیکرٹری محمد تنویر زبیری ایڈیشنل سیکرٹری ساہیوال محمد نعیم صدیقی، سیکرٹری اطلاعات شیخ نعیم طاہر اور فنانس سیکرٹری محمد وسیم حلف اٹھائیں گے اور صدر و جنرل سیکرٹری کے خطاب کے بعد تقسیم ایوارڈز کے ساتھ مہمانوں اور ممبران کے اعزاز میں ظہرانہ دیا جائے گا آخر میں ملک و ملت کی سلامتی بقا اور استحکام کے لئے دعا کی جائے گی

**بقیہ نمبر 7**

رابطہ کی ویب سائٹ ایکس پر اپنی ایک تفصیلی پوسٹ میں کہا کہ تحریک انصاف کی صوبے میں طویل حکمرانی کے باوجود آج بھی کئی بنیادی سوالات جواب طلب ہیں۔ انہوں نے سوال کیا کہ سابقہ فاٹا کے انضمام کے بعد وہاں پولیس کا نظام کتنا مضبوط ہوا؟ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے کون سے مؤثر ادارے قائم کیے گئے؟

**بقیہ نمبر 8**

عملدرآمد جاری ہے۔ ڈپٹی کمشنر حنا ارشد کی زیر صدارت اجلاس میں بازاروں کی بیوٹیفکیشن اور ضلع کونسل کے مختلف ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ جاری منصوبوں میں کام کے معیار، رفتار اور بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے جبکہ ترقیاتی کاموں کی مؤثر نگرانی کی جائے اور معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ اجلاس میں بازاروں کی تزئین و آرائش کے منصوبوں سمیت ضلع کونسل کے دیگر ترقیاتی امور پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ شہریوں کو بہتر ماحول فراہم کرنے اور شہری خوبصورتی میں اضافے کے لیے ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ اہداف کے مطابق مکمل کیا جائے۔ اجلاس میں اے ڈی سی میونسپل سروسز رانا محمد شعیب، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ، چیف آفیسر ضلع کونسل اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی

**بقیہ نمبر 9**

جسٹس چوہدری محمد اقبال اور جسٹس ملک اویس خالد شامل تھے، نے سوسائٹی کی سول ریگولر فرسٹ اپیل پر فیصلہ جاری کیا، عدالت نے اپیل دائر کرنے میں ہونے والی 2294 روز کی تاخیر معاف کرنے کی درخواست مسترد کرتے ہوئے مرکزی اپیل بھی میعاد گزرنے کے باعث خارج کر دی۔

**بقیہ نمبر 10**

اور میاں کاشف موجود تھے۔ اس موقع پر سید تنویر مرتضیٰ نے کہا کہ علی زیب فاؤنڈیشن خون کی بیماریوں میں مبتلا مریضوں کے علاج اور ان بیماریوں کی روک تھام کے ساتھ ساتھ یتیم بچوں کی کفالت جیسے اہم پروجیکٹس پر مؤثر خدمات انجام دے رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو چاہیے کہ تھیلیسیمیا کی روک تھام کے لیے شادی سے قبل Hb Electrophoresis ٹیسٹ ضرور کروایا جائے تاکہ آنے والی نسلوں کو اس موروثی بیماری سے محفوظ رکھنے میں مدد مل سکے۔ سید شاہد علی زیدی، ایگزیکٹو ڈائریکٹر علی زیب فاؤنڈیشن نے کہا کہ ادارہ 1995 سے دکھی انسانیت کی خدمت میں مصروف ہے اور اب تک پانچ شہروں میں تھیلیسیمیا و ہیموفیلیا کے مراکز اور بلڈ بینکس قائم کر چکا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ملک میں یتیم بچوں کی بڑھتی ہوئی ضروریات اور غربت کے پیش نظر فاؤنڈیشن نے یتیم بچوں کی کفالت کا پروگرام بھی شروع کیا ہے جس کے تحت گزشتہ سال فیصل آباد میں پہلا علی زیب آرفن ہوم قائم کیا گیا ہے۔ انہوں نے عزم ظاہر کیا کہ فاؤنڈیشن خون کی بیماریوں میں مبتلا مریضوں کی خدمت، بیماریوں کی روک تھام اور یتیم بچوں کی کفالت کے ذریعے انسانیت کی فلاح و بہبود کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔

**بقیہ نمبر 11**

ترسیلات زر کی گئی ہیں جبکہ گزشتہ مالی سال میں جولائی تا ستمبر 2025 کے دوران سمندر پار مقیم پاکستانی برادری نے 9.5 ارب ڈالر پاکستان بھجوائے تھے۔ اس طرح گزشتہ مالی سال کے مقابلے میں جاری مالی سال کے ابتدائی تین مہینوں کے دوران بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی جانب سے بھجوائی گئی رقوم میں 1.4 ارب ڈالر یعنی 14.73 فیصد کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ ستمبر 2026 کے دوران ترسیلات زر کے محصولات کے حجم 3.6 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا ہے جو ستمبر 2025 کے مقابلے میں 12.7 فیصد زیادہ ہے تاہم اگست 2026 کے مقابلہ میں رقوم کی وصولی میں 1.9 فیصد کی معمولی کمی واقع ہوئی ہے۔ توقع ہے کہ ترسیلات زر کے محصولات میں اضافہ کی حالیہ شرح برقرار رہی تو رواں مالی سال کے اختتام تک ترسیلات کے مجموعی محصولات کا 44 ارب ڈالر کا ہدف حاصل کر لیا جائے گا

**بقیہ نمبر 12**

نوجوان کو سازش کے تحت لاحاصل جنگ میں دھکیلا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے بلوچستان کے نوجوانوں کو جنگ کے بجائے معاشرے کا فعال شہری بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم عوام میں نہیں جا سکتے جیسے تاثر کو آج عوام سے بھرے اسٹیڈیم اور ہماری موجودگی نے غلط ثابت کر دیا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ ایک صوبے کے وزیر اعلیٰ بار بار بلوچستان کی مثال دیتے ہیں جبکہ ہم دہشتگردی کیخلاف ریاست اور ریاستی اداروں کے ساتھ کھڑے ہیں۔ سرفراز بگٹی نے کہا کہ آپ اور ہم میں صرف یہ فرق ہے کہ آپ لوگوں کو ایک شہر پر چڑھائی جبکہ ہم نوجوانوں کو کھیلوں کے میدان میں اکٹھا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک صوبے کے دوست وزیر اعلیٰ کو مشورہ ہے کہ لوگوں کو احتجاج کے بجائے فیسٹیول کیلئے اکٹھا کریں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ ہم دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑے ہیں اور اس جنگ میں سرخرو ہوں گے۔ سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشتگردی کیخلاف جنگ میں کامیابی ریاست پاکستان کی ہوگی اور ہم ریاست کے ساتھ کھڑے ہیں

**بقیہ نمبر 13**

ہے، جبکہ مریضوں کو ادویات کی بلاتعطل فراہمی کے لیے بھی اہم فیصلے کیے گئے ہیں۔ پھر ترجمان کے مطابق مریضوں کو ادویات کی مسلسل دستیابی یقینی بنانے کے لیے انڈور وارڈز اور او پی ڈی میں خریداری اور لاجسٹکس کے پروٹوکولز بہتر بنا دیے گئے ہیں۔ اس کے ساتھ جنرل سرجری، انٹرنل میڈیسن، گیسٹرو انٹرولوجی، پلمونولوجی اور ڈائیلیسس یونٹ میں پرانے الیکٹرو میڈیکل آلات کو منظم انداز میں تبدیل کرنے کا عمل جاری ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ یونیورسٹی کے الحاق سے بریسٹ، کولوریکٹل، ہیپاٹو بلیری اور منیمل ایکسس سرجری میں ماسٹرز کے خصوصی تعلیمی پروگرام شروع کیے گئے ہیں۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر تنویر خالق نے تھوراسک سرجری کا مخصوص شعبہ قائم کرنے اور ایک میڈیسن ڈیپارٹمنٹ کی باقاعدہ منصوبہ بندی کا بھی اعلان کیا ہے، جسے ادارے کی تعلیمی اور طبی توسیع کا حصہ بنایا گیا ہے۔ پھر انتظامیہ کے مطابق مدر اینڈ چائلڈ ہیلتھ سینٹر کی بحالی اور توسیع کے ذریعے بستروں کی گنجائش اور آپریٹنگ سویٹس کی تعداد بڑھائی جا رہی ہے۔ ترجمان نے مزید بتایا کہ پوسٹ گریجویٹ ٹرینیز، ہاؤس آفیسرز اور نرسنگ عملے کے شفاف انتخاب کے لیے فیڈرل سینٹرل انڈکشن پالیسی نافذ کر دی گئی ہے، جس کے تحت متعلقہ عملے کے انتخاب کا عمل انجام دیا جائے گا

**بقیہ نمبر 14**

التوا مقدمات میں کمی سے متعلق پیش رفت کو اجاگر کیا گیا ہے۔ سپریم کورٹ کی رپورٹ میں ڈیجیٹل تبدیلی، ادارہ جاتی احتساب اور انصاف تک عوامی رسائی بہتر بنانے کے اقدامات کی تفصیلات شامل ہیں جبکہ 86 نکاتی عدالتی اصلاحاتی ایکشن پلان پر عملدرآمد کی پیش رفت پیش کی گئی ہے۔ عدالتی اصلاحات پر عملدرآمد کے لیے منظم نگرانی، خصوصی ورکنگ گروپس اور باقاعدہ جائزے کا نظام وضع کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق سپریم کورٹ میں مقدمات کے فیصلوں کی تعداد میں نمایاں اضافہ ہوا، پرانے اور طویل عرصے سے زیر التوا مقدمات کے فیصلوں پر خصوصی توجہ دی گئی، عدالتی کارکردگی کی نگرانی کے لیے ڈیٹا پر مبنی نظام کو مزید مضبوط بنایا گیا۔ سپریم کورٹ کی ڈیجیٹل خدمات میں توسیع اور عدالتی طریقہ کار کو جدید خطوط پر استوار کرنے میں نمایاں پیش رفت ہوئی، قومی عدالتی پالیسی ساز کمیٹی کے تحت ملک گیر عدالتی اصلاحات پر پیش رفت کو بھی رپورٹ کا حصہ بنایا گیا ہے، رپورٹ میں عدالتی اصلاحات کی کامیابیوں کے ساتھ مزید بہتری کے لیے جاری اقدامات کا بھی احاطہ کیا گیا

**بقیہ نمبر 15**

جدید خطوط پر تعمیر کیا گیا ہے، جہاں انکیوبیشن سینٹرز، اختراعی سرگرمیوں، نئے کاروبار شروع کرنے والے نوجوانوں اور طلبہ و اساتذہ کے لیے مختلف مواقع دستیاب ہوں گے، جدید ٹیکنالوجی میں مہارتیں حاصل کر کے نوجوان پاکستان کی معاشی ترقی میں اہم کردار ادا کر سکیں گے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ نیشنل ٹیکنالوجی پارک مکمل طور پر فعال ہونے کے بعد ملک کے چاروں صوبوں میں اس نوعیت کے مزید ٹیکنالوجی پارکس قائم کرنے کی راہ ہموار ہوگی، مصنوعی ذہانت اور انفارمیشن ٹیکنالوجی سے زراعت، صنعت، مینوفیکچرنگ، معدنیات اور حکومتی شعبوں سمیت مختلف میدانوں میں استفادہ کیا جا سکے گا۔ وزیر اعظم نے بتایا کہ اس منصوبے کی بنیاد 2017 اور 2018 کے دوران رکھی گئی تھی، تاہم بعد میں اسے تاخیر کا سامنا کرنا پڑا، سیاسی پوائنٹ سکورنگ کے بجائے اس وقت اہم بات منصوبے کی تکمیل اور اسے نوجوانوں کے لیے جلد قابل استعمال بنانا ہے۔ انہوں نے منصوبے پر کام کرنے والی ٹیم، وزارت خزانہ، وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی اور متعلقہ حکام کی کوششوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کی محنت سے منصوبے کو آگے بڑھانے میں مدد ملی، جبکہ انہوں نے خود بھی متعدد اجلاسوں میں منصوبے کی پیش رفت کا جائزہ لیا تاکہ اسے جلد مکمل کر کے نوجوانوں کو اس سے فائدہ پہنچایا جا سکے۔ تقریب سے خطاب میں وزیر اعظم نے جنوبی کوریا کے ساتھ اپنے دیرینہ تعلقات کا ذکر بھی کیا۔ انہوں نے بتایا کہ وہ پہلی مرتبہ 1985 میں جنوبی کوریا گئے تھے، جبکہ 1997 اور 1998 میں بھی وہاں کے دورے کیے۔ شہباز شریف نے جنوبی کوریا کی معاشی ترقی اور تحقیق، افرادی قوت کو سراہتے ہوئے کہا کہ پاکستان بھی جدید ٹیکنالوجی کے فروغ اور نوجوانوں کی پیشہ ورانہ مہارتوں میں اضافے کے ذریعے ترقی کی نئی منزلیں حاصل کر سکتا ہے

**بقیہ نمبر 16**

درخواست بھی مسترد کر دی۔ انسداد دہشتگردی عدالت کے جج طاہر عباس سپرا نے مقدمے کی سماعت کی جس کے دوران ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کے وکلا نے عدالتی کارروائی کا بائیکاٹ کیا۔

**بقیہ نمبر 17**

دھار آلے سے بچے کو مبینہ طور پر ذبح کرنے کی ہولناک کوشش کی گئی۔ گزشتہ کچھ عرصے سے ایک خوفناک رجحان سامنے آ رہا ہے کہ بچوں کے ساتھ جنسی زیادتی میں 15 سے 18 برس کے ٹین ایجرز ملوث ہو رہے ہیں۔

**بقیہ نمبر 18**

تنصیبات پر حملوں میں ایک پائلٹ سمیت کم از کم تین سعودی شہری ہلاک ہوئے، جبکہ عالمی فضائی آپریشنز بھی متاثر ہوئے ہیں۔

**بقیہ نمبر 19**

پورٹل کے مؤثر نفاذ اور ضلعی بزنس فسیلیٹیشن ماڈل پر عملدرآمد کے لئے جائزہ اجلاس میں بتایا گیا کہ کاروباری برادری کو سہولیات کی فراہمی اور بزنس فسیلیٹیشن ماڈل کو مؤثر بنانے کے لیے چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور انجمن تاجران کے ساتھ رابطہ ہے اور کاروباری افراد کی رہنمائی اور سہولت کاری کے لیے ہیلپ ڈیسک قائم کر دیئے گئے ہیں۔ کمشنر حافظ شوکت علی نے ہدایت کی کہ تمام اصلاح کنڈیشنز فیس سے متعلق کیسز فوری پراسیس کریں اور مختلف نوعیت کے این او سیز کے اجرا میں تاخیر ہرگز نہ ہونے دیں۔ انہوں نے زیر التوا کیسز کو ترجیحی بنیادوں پر نمٹانے اور کاروباری افراد کو غیر ضروری دفتری چکروں سے بچانے کے لیے متعلقہ محکموں کے مابین مؤثر رابطہ کاری یقینی بنانے پر زور دیا۔ انہوں نے تمام متعلقہ دفاتر میں ای فواس (eFOAS) نظام کے فوری نفاذ کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ ڈیجیٹل نظام کے ذریعے دفتری امور کو مزید مؤثر، شفاف اور تیز رفتار بنایا جائے۔ تمام متعلقہ افسران ای فواس پر عملدرآمد یقینی بنائیں اور اس ضمن میں کسی قسم کی تاخیر نہ ہونے دی جائے۔ کمشنر نے واضح کیا کہ ای بز پورٹل اور بزنس فسیلیٹیشن ماڈل پر عملدرآمد کی باقاعدہ سے نگرانی کی جائے اور کاروباری برادری کو سہولیات کی فراہمی میں کسی قسم کی غیر ضروری تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی

**بقیہ نمبر 20**

ٹیکنالوجی پر مبنی معیشت اور آئی ٹی برآمدات میں اضافے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ اسلام آباد میں آئی ٹی پارک کی افتتاحی تقریب میں وزیر اعظم، آئی ٹی کمپنیوں کے سربراہان، اعلیٰ حکام، کابینہ کے اراکین اور طلبا نے شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے شزہ فاطمہ خواجہ نے کہا کہ یہ منصوبہ وزیر اعظم کی مسلسل رہنمائی اور حمایت کی بدولت ڈھائی سال کے عرصے میں اس مرحلے تک پہنچا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم کی خواہش تھی کہ یہ سہولت محض کرائے پر دفتری جگہ فراہم کرنے والی عمارت کے بجائے ایک مکمل ٹیکنالوجی ایکو سسٹم (ماحولیاتی نظام) بنے۔ منصوبے کے پس پردہ وژن کی وضاحت کرتے ہوئے انہوں نے کہا یہ صرف ایک عمارت نہیں ہے۔ وزیر اعظم کی ہدایت یہ ہے کہ یہ محض کرائے کی عمارت نہیں ہوگی بلکہ ایک مکمل ایکو سسٹم ہوگا۔ شزہ فاطمہ خواجہ نے کہا کہ وزیر اعظم نے متعدد چیلنجز کے باوجود باقاعدہ اجلاسوں اور مسلسل رابطوں کے ذریعے ذاتی طور پر اس منصوبے کو آگے بڑھایا۔ انہوں نے وزیر اعظم کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اگر آپ کی قیادت نہ ہوتی تو یہ بالکل بھی ممکن نہ ہوتا۔ واضح رہے کہ اسلام آباد آئی ٹی پارک کو آئی ٹی کمپنیوں، اسٹارٹ اپس، فری لانسرز اور تحقیقی سرگرمیوں کے لیے ایک ٹیکنالوجی مرکز کے طور پر تیار کیا گیا ہے

**بقیہ نمبر 21**

ڈپٹی کمشنر نے فیسکو حکام کو یوٹیلیٹی پولز اور دیگر تنصیبات کی منتقلی کے امور کو تعمیراتی شیڈول کے مطابق تیز رفتاری سے مکمل کرنے کی ہدایت کی تاکہ پراجیکٹ کی پیش رفت میں غیر ضروری تاخیر نہ ہو۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ تمام یوٹیلیٹی شفٹنگ اور تعمیراتی سرگرمیاں باہمی کوآرڈینیشن کے ساتھ انجام دی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ میٹرو پراجیکٹ کی تکمیل کے دوران عوامی سہولت، ٹریفک مینجمنٹ اور سیفٹی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا جبکہ تعمیراتی مقامات پر شہریوں، موٹر سائیکل سواروں اور پیدل چلنے والوں کی محفوظ نقل و حرکت کے لئے مؤثر انتظامات برقرار رکھے جائیں۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ فیلڈ میں درپیش مسائل کی فوری نشاندہی اور باہمی رابطے سے ان کا بروقت حل یقینی بنایا جائے جبکہ تعمیراتی کام کی رفتار، معیار، سیفٹی اور ٹریفک مینجمنٹ کی مسلسل مانیٹرنگ جاری رکھی جائے۔

**بقیہ نمبر 22**

سیکورٹی، انڈسٹریز، میونسپل کارپوریشن و دیگر محکموں کے افسران کے ہمراہ بزنس کمیونٹی کے ارکان بھی شریک تھے۔ کمشنر فیصل آباد نے کہا کہ کمشنر فسیلیٹیشن ڈیسک میں فرسٹ اور سیکنڈ شفٹ میں کمشنر آفس کا سٹاف ڈیوٹی انجام دے گا، بزنس کمیونٹی این او سی کے لئے اپلائی کر کے ڈیسک پر آگاہ کریں، جس کے بعد کمشنر کی طرف سے این او سی کے مراحل کا فالو اپ کیا جائے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ این او سی کے اجراء میں غیر ضروری تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی۔ کمشنر نے بتایا کہ صنعتی اداروں میں محکموں کی طرف سے انسپکشن کے عمل کے لئے طریقہ کار وضع کیا جا رہا ہے اور انفورسمنٹ کے محکموں کو انسپکشن کے لئے ایک وقت دیا جائے گا تاکہ کاروباری سرگرمیاں سارا دن متاثر نہ ہوں۔ انہوں نے کہا کہ تاجروں و صنعتکاروں کو سازگار کاروباری ماحول کی فراہمی کمشنر آفس کی اولین ترجیح ہے۔ چیمبر آف کامرس سمیت مختلف ایسوسی ایشنز کے صدور اور دیگر ارکان نے کمشنر فسیلیٹیشن ڈیسک کے قیام پر کمشنر فیصل آباد کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ یہ دیرینہ مطالبہ تھا جو آج پورا ہو گیا۔ انہوں نے کہا کہ اب این او سی کے لئے محکموں کا چکر نہیں لگانا پڑے گا۔ انہوں نے انتظامیہ سے ہرممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

**بقیہ نمبر 23**

کی سیاست کی طرف لے جا رہی ہیں، جبکہ پیپلز پارٹی انہیں کھیلوں اور مثبت سرگرمیوں کے مواقع فراہم کرنا چاہتی ہے۔

**بقیہ نمبر 24**

پرجنرڈ کنسٹرکٹرز، سپروائزرز، فیسکو اہلکاران و متعلقہ سٹاف کی بڑی تعداد موجود تھی۔ ٹریننگ سیشن میں بتایا گیا وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ڈیجیٹل پنجاب وژن کے تحت انرجی ڈیپارٹمنٹ نے نئے کنکشن کیلئے ٹیسٹ رپورٹ کو پیپر لیس کرنے کیلئے یہ اقدام کیا ہے۔ یہ تمام کام آٹومیشن اور ڈیجیٹل طریقہ سے انجام پائے گا۔ انہوں نے درخواست گزار، رجسٹرڈ ٹھیکیدار، سپروائزر، فیسکو آفیسرز، الیکٹرک انسپکٹر کی ٹیکنیکل ذمہ داریوں سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی اور سوال و جواب کی نشست میں بھرپور آگاہی دی گئی۔ اس موقع پر ای ٹیسٹ کیلئے بڈنگ اور چیکس کے ذریعے براہ راست ارتھ، انسولین، کنٹینیوٹی ٹیسٹنگ کا مظاہرہ بھی کیا گیا۔ اس موقع پر بتایا گیا کہ موبائل ایپ اور پورٹل کے ذریعے ٹیسٹ رپورٹ کو ڈیجیٹائز کر دیا گیا ہے۔ جس کا عملی آغاز دسمبر یا جنوری 2027 میں متوقع ہے۔

**بقیہ نمبر 25**

روپے کا منافع کمایا۔ او جی ڈی سی ایل نے 10 سال کے دوران 1250.2 ارب روپے منافع کمایا، پاکستان پٹرولیم لمیٹڈ نے 620 ارب 30 کروڑ روپے کمائے۔ گیس ہولڈنگ پرائیویٹ لمیٹڈ نے 10 سال میں 377.1 ارب روپے منافع کمایا۔ پاکستان اسٹیٹ آئل نے 10 سال میں 218.7 ارب روپے منافع کمایا، سوئی ناردرن گیس کمپنی نے 10 سال میں 97.83 ارب روپے منافع کمایا۔ زیر جائزہ عرصے کے دوران سوئی سدرن گیس کمپنی نے 10 سال میں 86.1 ارب روپے منافع کمایا، پاکستان ایل این جی لمیٹڈ نے 10 سال میں 58.2 ارب روپے منافع کمایا۔

**بقیہ نمبر 26**

بنانے، فیلڈ میں جاری سرگرمیوں کی مؤثر نگرانی اور عوامی نوعیت کے امور کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ تمام متعلقہ محکمے اپنی ذمہ داریاں مؤثر انداز میں سرانجام دیتے ہوئے بہتر کوآرڈینیشن اور بروقت اقدامات کو یقینی بنائیں تاکہ شہریوں کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کی جا سکیں۔

**بقیہ نمبر 27**

سرمایہ کاروں کا اعتماد مزید مستحکم ہو۔ انہوں نے کہا کہ کاروباری اور صنعتی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے سازگار کاروباری ماحول کے ساتھ ساتھ مؤثر قانونی اور عدالتی نظام بھی ناگزیر ہے۔ امید ہے کہ جوڈیشل کمیشن میں رانا ثناء اللہ خاں کی شمولیت سے اہم آئینی و قانونی امور پر بہتر اور تعمیری پیش رفت ہوگی۔

**بقیہ نمبر 28**

پی ٹی آئی کے لانگ مارچ کو ڈیل کرنا وفاقی حکومت کے لیے کوئی چیلنج نہیں، لانگ مارچ اور خیبر پختونخوا میں دہشتگردی پر قابو پانا دو الگ الگ موضوعات ہیں۔

**بقیہ نمبر 29**

سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ رواں مالی سال کے بجٹ میں ترقیاتی مقاصد کے لیے ایک ارب 56 کروڑ روپے جبکہ غیر ترقیاتی اخراجات کے لئے ایک ارب 24 کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں

**بقیہ نمبر 30**

ڈاکٹر ساجد اقبال نے کہا کہ عوام کو محفوظ، معیاری اور صحت بخش گوشت کی فراہمی یقینی بنانے اور مضر صحت و غیر معیاری گوشت کی روک تھام کے لئے غیر قانونی طور پر جانور ذبح کرنے اور غیر معیاری گوشت فروخت کرنے والوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں آئندہ بھی جاری رہیں گی۔

**بقیہ نمبر 31**

رہائشی 18 سالہ عافیہ دختر رفیق کو والدین سے کسی بات پر ڈانٹ ڈپٹ کی تو اس نے دل برداشتہ ہو کر گندم میں رکھنے والی گولیاں نگل لیں۔ اہل خانہ کے علم ہونے پر تشویشناک حالت میں ہسپتال لائے۔ جہاں پر ڈاکٹروں نے اس کا معدہ واش کر کے جان بچانے کی سرتوڑ کوشش کی۔ تاہم دوران علاج لڑکی زندگی کی بازی ہار گئی تو ہسپتال انتظامیہ نے ضروری کارروائی کے بعد نعش ورثاء کے حوالے کر دی۔

**بقیہ نمبر 32**

نے کہا کہ 18 ویں ترمیم کے بعد گورنر کے پاس اخروٹ توڑنے کا بھی اختیار نہیں، وزیر اعظم صرف میڈیا پر مذاکرات، مذاکرات نہ کھیلیں، اگر اختیارات ہیں تو اپوزیشن کے جائز مطالبات تسلیم کریں۔

**بقیہ نمبر 33**

روزمرہ استعمال کی بنیادی اشیاء کی قیمتوں میں بے لگام اضافہ صوبائی حکومت کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے۔ انہوں نے کہا کہ آٹے کی قیمتوں میں اس غیر معمولی اضافے کے باعث عام آدمی کے لیے دو وقت کی روٹی کا بندوبست کرنا بھی مشکل ہو گیا ہے۔ مہنگائی کے اس نئے طوفان نے شہریوں، خصوصاً غریب اور متوسط طبقے کو شدید پریشانی میں مبتلا کر دیا ہے۔

**بقیہ نمبر 34**

خان سابق عوامی وزیراعظم قائد عوام ذوالفقار علی بھٹو اور مسلم لیگ ن کے قائد میاں نواز شریف کے ساتھ پاکستان کو ایٹمی قوت بنانے میں مرحوم کا نام تاریخ میں سنہرے حروف سے لکھا جائے گا ہیں۔ دنیا بھر میں انہیں قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا تھا۔ چیمبر آف کامرس کے سابق صدر میاں زاہد اسلم نے کہا کہ ان کے انتقال کے بعد 5 برس پر ہر محب وطن پاکستانی کی آنکھ اشکبار ہے اپنے محسنوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی ملکی دفاع کے لیے دی جانے والی عظیم جدوجہد پر رہتی دنیا تک خراج تحسین پیش کرتی رہے گی انہوں نے مرحوم کے لواحقین سے ہمدردی اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ ان کے غم میں برابر کے شریک ہیں

**بقیہ نمبر 35**

سلامتی اور دفاع کے تحفظ کے عزم کو مزید مستحکم کرتی ہیں انہوں نے پیغام میں کہا کہ فتح 4 کا کامیاب تجربہ پاکستان کی بڑھتی ہوئی سائنسی و تکنیکی صلاحیتوں اور دفاعی خود انحصاری کی جانب اہم قدم ہے۔ انہوں نے جدید ایویونکس اور نیویگیشن ٹیکنالوجی سے لیس نظام کی تیاری میں کردار ادا کرنے والے سائنسدانوں اور انجینئرز کی کاوشوں کو سراہا پیپلز پارٹی مرکزی رہنما و ممبر قومی اسمبلی ڈاکٹر مرزا اختیار بیگ نے کہا کہ یہ کامیابی پاک فوج اور ملکی سائنسی برادری کی پیشہ ورانہ مہارت اور صلاحیتوں کا مظہر ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستانی سائنسدان اور انجینئرز جدید ٹیکنالوجی، قومی سلامتی اور ملکی ترقی میں اپنا مؤثر کردار جاری رکھیں گے۔

**بقیہ نمبر 36**

شیخ یوسف گھا صدر گول الیکٹرونکس بازار میاں آصف "عبدالحبیب" نٹھ چوہدری منظور و دیگر عہدیداروں نے چیمبر آف کامرس کی نومنتخب کابینہ کو مبارکباد پیش کرنے کیلئے منعقدہ اجلاس کے شرکاء سے کیا"

**بقیہ نمبر 37**

شادی جیسے بابرکت بندھن سے معاشرے میں محبت اور اخوت فروغ پاتی ہے دولہا رانا زبیر نے ملک محمد سلیم فریدی اور تمام معزز مہمانوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے ہماری دعوت ولیمہ میں شرکت کر کے ہماری محفل کو چار چاند لگا دیے ہیں۔ ان کی موجودگی سے تقریب کی رونق دوبالا ہو گئی۔

**بقیہ نمبر 38**

مصطفیٰ [illegible] سے ملاقات کی اور دونوں وزرائے داخلہ نے تعاون مضبوط بنانے کا عزم کیا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے غیر قانونی امیگریشن مافیا کے خلاف پاکستان میں کریک ڈاؤن کے مثبت نتائج سے آگاہ کیا۔

**بقیہ نمبر 39**

انہوں نے کہا کہ توانائی کے شعبے میں بیٹری اسٹوریج پالیسی زیر غور ہے جبکہ 150 سے زائد چینی کمپنیوں کی طرف سے پاکستان میں سولر پینلز اور بیٹریوں کی مینوفیکچرنگ بھی جلد متوقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سے مہنگی بجلی کے مقابلے میں کاروباری اور صنعتی شعبے کو ایک بہتر اور سستا متبادل میسر آ سکے گا۔

**بقیہ نمبر 40**

اس پروجیکٹ کی تکمیل میں 22 ماہ کا عرصہ لگے گا۔ کے فور آگمنٹیشن کے پروجیکٹ منیجر فیصل جاوید نے میڈیا کو بریفنگ میں بتایا کہ بتایا کہ کے فور آگمنٹیشن کی لائنوں کے لیے شہر کی 20 سے زائد مرکزی سڑکیں کھودی جائیں گی۔

**بقیہ نمبر 41**

فریضہ انجام دیں گے اور عہد کرتے ہیں کہ ہم مکہ اتحاد حکومت پاکستان افواج پاکستان اور سعودی عرب کی حرمت سلامتی استحکام اور امن دامان پر کوئی آنچ نہیں آنے دیں گے

**بقیہ نمبر 42**

اپنا کردار ادا کریں۔ چیئرمین مرکزی علماء کونسل و جنرل سیکرٹری انٹرنیشنل ختم نبوت موومنٹ پاکستان صاحبزادہ مولانا زاہد محمود قاسمی نے مرکزی جامع مسجد گول فیصل آباد میں جمعہ کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ احادیث مبارکہ میں بدزبانی، طعن و تشنیع، دھوکہ دہی، دوسروں کی تحقیق سے اجتناب کی تلقین کی گئی ہے۔

**بقیہ نمبر 43**

کرنے کا ذریعہ ہے۔ انہوں نے طلبہ پر زور دیا کہ وہ تعلیم، تحقیق اور کردار سازی پر بھرپور توجہ دیں تاکہ زراعت، موسمیاتی تبدیلی، غذائی تحفظ، پانی کی قلت اور ٹیکنالوجی میں تیزی سے آنے والی تبدیلیوں جیسے چیلنجز کا مؤثر انداز میں مقابلہ کیا جا سکے۔

**بقیہ نمبر 44**

کے درمیان مشاورت جاری رکھنے پر اتفاق کیا گیا۔ وزیر قانون ضیا الحسن لنجار نے کہا کہ وہ خود وکیل ہیں اور وکلاء برادری کو درپیش مسائل سے بخوبی آگاہ ہیں۔ وکلاء کی فلاح، تحفظ اور حقوق کے لیے قانونی برادری سے مشاورت کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

**بقیہ نمبر 45**

پاکستان دنیا بھر میں پرامن ایٹمی اسلامی قوت کے طور پر جانا جاتا ہے۔ محسن پاکستان ڈاکٹر قدیر کی 5 برسی پر ان کی قومی، ملی اور ملکی خدمات کو پیپلز لیبر بیورو فیصل آباد زبردست خراج تحسین پیش کرتی ہے۔

**بقیہ نمبر 46**

پر مہنگائی میں 0.57 فیصد مزید اضافہ ہوا جبکہ سالانہ بنیادوں پر مہنگائی بڑھنے کی شرح 11.97 فیصد پر پہنچ گئی ہے۔

**بقیہ نمبر 47**

رکھا۔ اس موقع پر رانا احمد شہریار نے صحافی کالونی کو جائز حق قرار دیتے ہوئے بتایا کہ وہ پہلے پارلیمنٹیرین ہیں جنہوں نے اس مسئلے پر اسمبلی فلور پر آواز اٹھائی تھی، اور انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ کالونی پر از سر نو پیپر ورک مکمل کر کے جلد کام کا آغاز کیا جائے گا۔ انہوں نے تمام درپیش مسائل کے حتمی حل کے لیے وفد کی صوبائی وزیر اطلاعات سے جلد ملاقات کروانے کا وعدہ بھی کیا، جس پر وفد کے اراکین نے ان کا شکریہ ادا کیا۔ وفد میں سینئر نائب صدر ثوبیہ مظہر، نائب صدر بلال احمد، شکیل جاوید، زین جٹ، ابوبکر رند، حماد احمد، چیمہ ملک سعید اقبال، منیر اریب ستار، رانا شہیر، اسامہ فردان، سعید و دیگر شامل تھے

**بقیہ نمبر 48**

ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) کی انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی کے دوران فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے 10 دہشت گرد ہلاک ہو گئے جبکہ کارروائی میں سی ٹی ڈی کے دو اہلکار زخمی ہوئے۔ انہوں نے بتایا کہ سی ٹی ڈی نے مصدقہ خفیہ اطلاع پر رازہ شم میں آپریشن کیا، جس کے دوران ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد کیا گیا۔ شاہد رند نے کہا کہ بلوچستان سے فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے مکمل خاتمے کے لیے سکیورٹی فورسز، پولیس اور سی ٹی ڈی پرعزم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبے سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی

**بقیہ نمبر 49**

و اہل بیت عظام کا ہر ہر فرد ہمارے سروں کا تاج ہیں، جس بھی خوش قسمت انسان نے ایمان کی حالت میں زندگی میں ایک بار بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا مجلس میں بیٹھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت سے فیض یاب ہوا انبیا و رسل کے بعد دنیا کا سب سے معزز و محترم انسان بنا انہوں نے کہا کہ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے اسے کامیابی، رضائے خداوندی اور جنتی ہونے کا سرٹیفکیٹ دیدیا گیا، ان مبارک ہستیوں کی ہرزہ سرائی کرنے والا بدبخت ہے اور قرآن کا صریح منکر ہے انہوں نے مزید کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر اور خاندان کے افراد جو ایمان لائے لائق تعظیم ہیں، دنیا کے کسی چرب زبان کو صحابہ کرام اور اہل بیت اطہار کے بارے بولنے کا حق ہے نا ہی اجازت ہے صحابہ و اہل بیت کی عفت و ناموس کیلئے مسلمہ قانون ہونا چاہیے جس کے مطابق ملک میں کسی ایک فرد کو بھی معزز و محترم نبی علیہ السلام کی جان نثار شخصیات کے بارے ایک لفظ بھی بکواس کرنے والے کو لازم سزا ٹھہرایا جائے انہوں نے کہا کہ عوام کو بھی چاہیے کہ ادارے موجود ہیں کسی قسم کے شرانگیز مواد اور واقعات کی صورت میں اداروں سے رجوع کریں قانون خود ہاتھ میں لینے سے گریز کریں ملک میں امن دامان قائم کرنے اور قائم رکھنے کیلئے ہر شخص کوشاں رہے۔

**بقیہ نمبر 50**

آپ رحمتہ اللہ علیہ کی خدمات و قربانیاں لازوال ہیں۔ اسلامی اقدار کے تحفظ کے لیے حضرت صاحبزادہ پیر قاضی محمد فضل رسول حیدر رضوی رحمتہ اللہ کی زندگی ہمارے لیے مشعل راہ ہے۔ آپ رحمتہ اللہ علیہ کے نقش قدم پر چل کر اسلام و پاکستان کی سلامتی و بقا کے لیے خود کو ہمہ وقت حاضر رکھیں گے۔ حضرت صاحبزادہ پیر قاضی محمد فضل رسول حیدر رضوی رحمتہ اللہ نے ہمیشہ اسلام پسند محب وطن جماعتوں کی سرپرستی اور معاونت کی۔ آپ رحمتہ اللہ علیہ کے کثیر مریدین و محبین پوری دنیا میں اسلام کے لیے خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ دین متین کی سربلندی کے لیے آپ کی دی گئی قربانیوں کو زندہ رکھنے کا عہد کرنا ہوگا۔ آپ رحمتہ اللہ علیہ کے تحریک نظام مصطفیٰ ﷺ اور تحریک ختم نبوت کے جذبے کو سامنے رکھ کر اپنی سمت کا تعین کرنا ہوگا۔ تقریب کے آخر میں ملکی ترقی، سلامتی و استحکام اور معاشی مشکلات کے جلد حل کیلئے خصوصی دعا کی گئی۔ اس موقع پر ڈویژنل صدر مولانا بہادر علی رضوی، قاری زاہد عتیقی، مولانا حفیظ مہروی، مولانا سجاد قدوسی، مولانا محمد حبیب خورشیدی، قاری ریاض، محمد اریب جٹ و دیگر نے بھی خطاب کیا۔

---

بعدالت جناب نوید عباس صاحب سول جج (فیملی) کورٹ فیصل آباد

)دعویٰ تنسیخ نکاح بربنائے خلع(

عنوان: ثانیہ بنام اللہ دتہ

اخبار اشتہار بنام اللہ دتہ ولد یسین سکنہ عمر فاروق ڈاکخانہ خاص چک نمبر 215 ر ب تحصیل صدر ضلع فیصل آباد

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ تعمیل سمن کے بارے میں گریزاں ہیں ان کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 13/10/2026 بوقت 8 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔ دستخط مجاز و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

---

بعدالت جناب نوید عباس صاحب سول جج (فیملی) کورٹ فیصل آباد

)دعویٰ تنسیخ نکاح بربنائے خلع و دلا پانے خرچہ نان ونفقہ(

عنوان: نگہت نواز وغیرہ بنام مبشر ریاض

اخبار اشتہار بنام مبشر ریاض ولد محمد ریاض سکنہ چک نمبر 141 ر ب عاقل سدو والا چک جھمرہ ضلع فیصل آباد

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ تعمیل سمن کے بارے میں گریزاں ہیں ان کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 12/10/2026 بوقت 8 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔ دستخط مجاز و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

---

بعدالت سکندر حیات نائب تحصیلدار صاحب جھنگ

درخواست تقسیم اراضی کھاتہ 102/98 واقع چک پیر بہلول جھنگ محمد امیر بنام شرافت علی پسر اصغر علی ناصر اقبال نصرت پسران دلمیر دلمیر پسر گاماں آلاں جیونی نوائی دختران اللہ یار منظور حسین ولد غلام محمد ستار غلام سرور دسوں بیوہ پسر دختر اللہ یار بھی سکنان موضع چک پیر بہلول تحصیل ضلع جھنگ مدعا علیہم بتاریخ 14/10/26 بوقت 9 بجے حاضر عدالت ہوں

---

بعدالت جناب اعجاز محمود نائب تحصیلدار جھنگ

درخواست تقسیم اراضی کھاتہ نمبر 402 واقع موضع رتہ متہ شمالی غلام شبیر بنام اللہ یار ولد دریام قوم گرواہ دریام ولد سلطان قوم جٹ حماد خان پسر محمد خان گرواہ شیر محمد محمد خان محمد سلطان پسران دریام گرواہ سکنان موضع رتہ متہ شمالی تحصیل وضلع جھنگ مدعا علیہم بتاریخ 12/10/2026 بوقت 9 بجے حاضر عدالت ہوں

63

---

بعدالت جناب مصباح ضیا صاحبہ سول جج (فیملی) کورٹ فیصل آباد

)دعویٰ تنسیخ نکاح بربنائے خلع(

عنوان: حرا شہزادی وغیرہ بنام محمد رضا عابد

اخبار اشتہار بنام محمد عابد رضا عابد ولد محمد اسلم سکنہ ترکھانہ فاروق آباد تحصیل وضلع شیخوپورہ

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ تعمیل سمن کے بارے میں گریزاں ہیں ان کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 13/10/2026 بوقت 8 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔ دستخط مجاز و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

---

بعدالت جناب محترمہ شگفتہ صاحبہ سول جج فیصل آباد

)دعویٰ استقرار حق(

عنوان: ثمینہ کوثر بنام عوام الناس وغیرہ

ثمینہ کوثر زوجہ محمد ذوالفقار صابر بٹ دختر محمد علی بٹ سکنہ مکان نمبر P-178 محلہ گلشن کالونی فیصل آباد

اشتہار اخبار عوام الناس

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ نے دعویٰ استقرار حق کیا ہے بذریعہ اخبار اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کوئی عذر اعتراض ہو تو آپ مورخہ 15/10/2026 بوقت 8 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔ دستخط مجاز و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

---

بعدالت جناب اعجاز محمود صاحب نائب تحصیلدار جھنگ

درخواست تقسیم اراضی کھاتہ 233 واقع موضع رتہ متہ کشور بی بی بنام محمد گلزار معین خان محمد زین پسران نذر خان سلیمان خیل محمد نواز پسر محمد دین محمد خالد پسر شیر محمد اعوان محمد اصغر پسر اللہ یار حقیقہ محمد اسلم ولدان احمد علی محمد اسلم ولد اللہ یار حقیقہ محمد صادق پسر محمد دین امجد نواز پسر احمد نواز چدھڑ ممتاز پسر شیر اعوان محمد مصب رضا ولد احمد علی کھوکھر ساجدہ دختر امیر شیر پسر سردار جمیل حیدر ولد محمد اقبال رزینہ بی بی دختر امیر فرز عباس ولد سرفراز کھوکھر غلام عباس ولد احمد علی سکینہ بیوہ امیر خاور حفیظ ولد محمد حفیظ کھوکھر غلام علی ولد احمد علی علی عمران پسر شیر محمد اعوان ارشد ولد عباس ولد سرفراز ڈھڈی غلام علی ولد غلام حسین صفیہ بی بی بیوہ محمد حفیظ عنصر عباس ولد سرفراز ڈھڈی احمد علی ولد شیر محمد اعوان اس عباس ولد سرفراز ڈھڈی غلام علی ولد محمد یوسف محمد آصف ولد محمد امیر تسلیم بی بی زوجہ محمد رمضان محمد یونس پسر دلیہ فرحان صادق شاہ صادق ولد دختر محمد صادق سکنان موضع رتہ متہ شمالی تحصیل وضلع جھنگ مدعا علیہم بتاریخ 12/10/26 بوقت 9 بجے حاضر عدالت ہوں

---

بعدالت جناب سکندر حیات نائب تحصیلدار جھنگ

درخواست تقسیم اراضی کھاتہ 33/2/2/2 واقع بوہڑی غلام جہانیاں جھنگ محمد ابوبکر وغیرہ بنام اللہ بخش پسر محمد رمضان سلیانہ محمد ممتاز ولد پہلوان کمہار امان اللہ ولد شیر کندرانہ غلام حسین ولد اللہ دتہ سلطان محمود ولد ہدایت کندرانہ اللہ دتہ ولد محمد رمضان سلیانہ رب نواز ولد اللہ دتہ پچ کندرانہ محمد صدیق ولد پہلوان کمہار خان محمد ولد ہدایت شیر ولد اللہ جوایا محمد اشرف ولد محرم محمد بخش ھنواز پسران اللہ دتہ غلام اکبر ولد محمد بخش کندرانہ محمد اشرف ولد کھیون جوئیہ عزیز اللہ ذوالفقار پسران محمد بخش کندرانہ محمد شریف ولد ھنواز جوئیہ محمد بخش ولد امیر رمضان ولد محمد مرید حسین ولد اللہ دتہ کندرانہ حاجی محمود پسر محمد رمضان سلیانہ حنیف لطیف پسران ھنواز جوئیہ محمد شفیع ولد سردار بخش کندرانہ شوکت علی پسر قادر بخش جوئیہ احمد بخش ولد امیر کندرانہ عمر دراز ولد شیگ کندرانہ اللہ دتہ ولد خان کندرانہ محمد ذیشان پسر نجی محمد علی سلیانہ انصر علی پسر محمد بخش افتخار احمد ولد احمد بخش کندرانہ محمد نواز ولد پہلوان کمہار ھنواز ولد جیون جوئیہ محمد مقصود ولد سردار بخش محمد یعقوب ولد غلام محمد کندرانہ الشاء دختر دلدار حسین قریشی حامد علی ولد محمد بخش کندرانہ شان محمد ولد محمد ممتاز جوئیہ نورا کبیر ولد محمد نواز کندرانہ ممتاز پسر کھیون جوئیہ شیر محمد ولد ہدایت محمد رمضان پسر محمد نواز ھنواز ولد محمد بخش کندرانہ بخواز ولد ھنواز جوئیہ اللہ جوائی دختر پہلوان محمد یعقوب ولد سردار بخش غلام محمد ولد پہلوان بہادر ولد اللہ جوائی دختر پہلوان اسلم ولد محمد بخش مظہر عباس ولد محمد نواز کندرانہ عمر دراز ولد خدا بخش مسلم شیخ شبیر پسر اللہ جوایا نیک محمد ولد ہدایت حیدر علی ولد محمد بخش کندرانہ فیاض علی ولد محمد قدیر ولد اللہ دتہ کندرانہ ممتاز بی بی زوجہ عمر دراز مسلم شیخ عامر شہزاد و پسر ذوالفقار کندرانہ سجاد علی ولد محمد عارف قریشی شفقت عباس ولد بہادر محمد نواز ولد اللہ دتہ سیف اللہ ولد محمد بخش احمد بخش ولد امیر احمد بخش ولد ھنواز ناصر حسین ولد ھنواز افتخار حسین ولد احمد بخش کندرانہ سیف اللہ ولد محمد بخش کندرانہ محمد بخش برادر سردار بخش کندرانہ محمد فاروق پسر سردار بخش کندرانہ سکنائے موضع بوہڑی غلام جہانیاں تحصیل وضلع جھنگ مدعا علیہم بتاریخ 14/10/26 بوقت 9 بجے حاضر عدالت ہوں

Scanned with CamScanner

# ڈپٹی کمشنر کا میٹرو بس پراجیکٹ کے روٹس کا دورہ

میٹرو روٹس پر تعمیراتی سرگرمیوں کے باعث ٹریفک کی روانی متاثر نہ ہو، ٹریفک پولیس اور متعلقہ ادارے باہمی رابطے سے متبادل ٹریفک پلان پر مؤثر عملدرآمد یقینی بنائیں

فیلڈ میں درپیش مسائل کی فوری نشاندہی اور باہمی رابطے سے ان کا بروقت حل یقینی بنایا جائے جبکہ تعمیراتی کام کی رفتار، معیار، سیفٹی اور ٹریفک مینجمنٹ کی مسلسل مانیٹرنگ جاری رکھی جائے

فیصل آباد(سٹاف رپورٹر) ڈپٹی کمشنر محمد نعمان صدیق نے میٹرو بس پراجیکٹ کے روٹس کا تفصیلی دورہ کیا اور جھنگ روڈ سے جڑانوالہ روڈ تک مختلف مقامات پر جاری تعمیراتی سرگرمیوں، فیسکو کے پولز و دیگر یوٹیلیٹی تنصیبات کی منتقلی، ٹریفک کے بہاؤ اور ہیلتھ اینڈ سیفٹی انتظامات کا موقع پر جائزہ لیا۔ پنجاب ماس ٹرانزٹ اتھارٹی، ایپاک، فیسکو، ٹریفک پولیس اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران بھی اس موقع پر موجود تھے۔ڈپٹی کمشنر نے تعمیراتی کام کے دوران شہریوں اور ٹریفک کی محفوظ آمدورفت کو یقینی بنانے کے لئے حفاظتی اقدامات کا معائنہ کیا اور متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تعمیراتی مقامات پر مناسب بیریئرز، وارننگ سائنز، ریفلیکٹرز اور دیگر ضروری سیفٹی میٹرز کی دستیابی ہر صورت یقینی بنائی جائے۔انہوں نے ہدایت کی کہ میٹرو روٹس پر تعمیراتی سرگرمیوں کے باعث ٹریفک کی روانی متاثر نہ ہو، ٹریفک پولیس اور متعلقہ ادارے باہمی رابطے سے متبادل ٹریفک پلان پر مؤثر عملدرآمد یقینی بنائیں اور شہریوں کو آمدورفت کے دوران ممکنہ مشکلات سے بچانے کے لئے بروقت انتظامات کئے جائیں۔(باقی صفحہ اندرونی نمبر 21)

## وفاقی حکومت کا پی ٹی آئی سے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کو ہٹانے کا مطالبہ

تحریک انصاف دہشتگردوں سے تعلقات کی وضاحت کرے، طارق فضل چوہدری



اسلام آباد(این این آئی) وفاقی حکومت نے پی ٹی آئی سے وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا سہیل آفریدی کو ہٹانے کا مطالبہ کر دیا۔میڈیا سے گفتگو میں وفاقی وزیر پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے تحریک انصاف سے سہیل آفریدی کی جگہ نیا وزیراعلیٰ مقرر کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ پی ٹی آئی سے دہشتگردی پر قابو پانے میں ناکام وزیراعلیٰ کو تبدیل کرنے کی توقع کرتے ہیں۔طارق فضل چوہدری نے کہا کہ سیاسی نابلند لوگ خیبر پختونخوا پر مسلط ہیں، سڑکوں پر سرکس لگانے والے ہوش کے ناخن لیں۔(باقی صفحہ اندرونی نمبر 28)

## عارف احسان ملک کی رانا ثنا اللہ جوڈیشل کمیشن آف پاکستان کا ممبر مقرر ہونے پر مبارکباد

جوڈیشل کمیشن میں رانا ثنا اللہ کی شمولیت سے مثبت پیش رفت کی امید

فیصل آباد(سٹی رپورٹر) فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر عارف احسان ملک نے رانا ثناء اللہ خاں کو جوڈیشل کمیشن آف پاکستان کا ممبر بننے پر دلی مبارکباد پیش کی ہے۔انہوں نے اس تقرری کو رانا ثناء اللہ خاں کی سیاسی، انتظامی اور قومی خدمات کا اعتراف قرار دیتے ہوئے کہا کہ ان کے وسیع تجربہ اور قانونی و آئینی معاملات پر گہری نظر جوڈیشل کمیشن کے لیے مفید ثابت ہوگی۔عارف احسان ملک نے کہا کہ مضبوط، آزاد اور موثر عدالتی نظام کسی بھی ملک کی معاشی ترقی اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔کاروباری برادری بھی ایسے نظام کی خواہاں ہے جہاں قانون کی بالادستی، شفافیت اور فوری انصاف کو یقینی بنایا جائے تاکہ(باقی صفحہ اندرونی نمبر 27)

## فیصل آباد میں ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اجلاس

عوامی مسائل کے فوری حل اور محکموں کے درمیان رابطہ مؤثر بنانے پر زور

فیصل آباد(سٹی رپورٹر) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈ کوارٹر عادل عمر کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔اجلاس میں پاک آرمی آفیسر نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی جبکہ سٹی ٹریفک پولیس، سوشل ویلفیئر، سول ڈیفنس، ایکسائز، ماحولیات اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران بھی موجود تھے۔اجلاس میں مختلف محکموں کی جانب سے کارکردگی، جاری اقدامات اور محکمانہ امور پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔افسران نے اپنے اپنے محکموں کی جانب سے عوامی سہولیات کی فراہمی، فیلڈ سرگرمیوں اور جاری کارروائیوں سے متعلق پیش رفت سے آگاہ کیا۔ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈکوارٹر نے محکموں کی کارکردگی کا جائزہ لیتے ہوئے باہمی رابطہ مزید مؤثر(باقی صفحہ اندرونی نمبر 26)



فیصل آباد۔ کمشنر فیصل آباد ڈاکٹر عمران حامد شیخ چیمبر آف کامرس میں کمشنر فسلیٹیشن ڈیسک کی لانچنگ تقریب کی صدارت کررہے ہیں

# ایف ڈی اے کے 2 ارب 99 کروڑ روپے کے بجٹ کی منظوری

ایف ڈی اے سٹی میں مختلف رقبوں کے 284 پلاٹس فیسکو کو فروخت کرنے کے معاہدے سے ادارے کو خاطر خواہ مالی استحکام حاصل ہوا ہے

ادارے کے مالی وسائل کو مستحکم بنانا، دستیاب فنڈز کا مؤثر اور شفاف استعمال یقینی بنانا اور ترقیاتی سرگرمیوں کو مالی گنجائش کے مطابق آگے بڑھانا ایف ڈی اے کی ترجیحات میں شامل ہے

فیصل آباد(سٹاف رپورٹر) فیصل آباد ڈویلپمنٹ اتھارٹی (ایف ڈی اے) کے بورڈ آف گورنرز نے مالی سال 2026-27 کے لئے 2 ارب 99 کروڑ روپے کے متوازن بجٹ اور مالی سال 2025-26 کے نظرثانی شدہ بجٹ کی اتفاق رائے سے منظوری دے دی ہے۔بورڈ آف گورنرز کا اجلاس کمشنر فیصل آباد ڈویژن ڈاکٹر عمران حامد شیخ کی زیر صدارت منعقد ہوا، جنہیں قواعد وضوابط کے مطابق اجلاس کی صدارت کے لئے منتخب کیا گیا۔ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری نے اجلاس میں رواں مالی سال کے بجٹ تخمینہ جات اور ایجنڈے کے دیگر امور پیش کئے۔اجلاس میں ڈپٹی کمشنر فیصل آباد سمیت محکمہ پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ پنجاب، ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ، لوکل گورنمنٹ اور محکمہ خزانہ کے نمائندہ افسران نے شرکت کی۔اس موقع پر چیف انجینئر ایف ڈی اے مہر ایوب، ڈائریکٹرز اسامہ حسن، جنید حسن تنج، یاسر اعجاز چٹھہ، عاصم محمود، افنان سعید سندھو اور ایف ڈی اے کے دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری نے اجلاس کے شرکاء کو بجٹ کی تفصیلات(باقی صفحہ اندرونی نمبر 29)



فیصل آباد۔ کمشنر فیصل آباد ڈاکٹر عمران حامد شیخ ایف ڈی اے بورڈ آف گورنرز کے اجلاس کی صدارت، ڈی جی ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری ایجنڈا آئٹم پیش کررہے ہیں

## کراچی کے نوجوانوں کے ہاتھوں میں ہتھیار نہیں، قلم دیکھنا چاہتے ہیں، بلاول بھٹو

کراچی(این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی مثبت سیاست اور مذاکرات پر یقین رکھتی ہے، کراچی کے نوجوانوں کے ہاتھوں میں ہتھیاروں کے بجائے قلم دیکھنا چاہتے ہیں۔ بعض سیاسی قوتیں نوجوانوں کو نفرت اور تصادم(باقی صفحہ اندرونی نمبر 23)

## فیصل آباد میں تاجروں کیلئے کمشنر فسلیٹیشن ڈیسک قائم

این او سی کے اجراء میں غیر ضروری تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی

فیصل آباد(سٹی رپورٹر) کمشنر آفس کی طرف سے چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز میں ''کمشنر فسلیٹیشن ڈیسک'' قائم کر دیا گیا ہے، جس کا مقصد بزنس کمیونٹی کو مختلف محکموں سے متعلقہ این او سیز کی منظوری کے امور کا فالو اپ کر کے بغیر کسی تاخیر کے این او سی ڈیلیور کرانا ہے۔کمشنر فسلیٹیشن ڈیسک کی لانچنگ تقریب کمشنر آفس کے کمیٹی روم میں منعقد ہوئی جس کی صدارت کمشنر فیصل آباد ڈاکٹر عمران حامد شیخ نے کی۔ڈی جی ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری، پنجاب ریونیو اتھارٹی سے عفیفہ شاہد، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز، اسسٹنٹ کمشنرز، لیبر، اینوائرمنٹل پروٹیکشن ایجنسی، سوشل(باقی صفحہ اندرونی نمبر 22)



فیصل آباد۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈ کوارٹرز عادل عمر ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

## فیصل آباد میں مضر صحت گوشت کے خلاف کارروائی، 50 ہزار جرمانہ

صدیق نگر میں 16 کلو غیر معیاری گوشت تلف، ملزم کے خلاف قانونی کارروائی

فیصل آباد(سٹاف رپورٹر) محکمہ لائیوسٹاک اور پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ٹیم نے صدیق نگر گلی نمبر9 فیصل آباد میں مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے غیر معیاری اور مضر صحت گوشت کے خلاف کارروائی عمل میں لائی۔کارروائی کے دوران موقع پر تقریباً16 کلوگرام بغیر سرکاری مہر گوشت موجود پایا گیا۔گوشت کے معائنہ کے بعد اسے انسانی صحت کے لئے غیر موزوں قرار دیتے ہوئے قانونی تقاضے پورے کرنے کے بعد تلف کر دیا گیا۔کارروائی کے نتیجے میں ملوث ملزم کے خلاف قانونی کارروائی کرتے ہوئے 50 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔ ڈائریکٹر لائیوسٹاک(باقی صفحہ اندرونی نمبر 30)

## تھانہ صدر کے علاقہ ڈھڈی والا میں جائیداد کے تنازع پر بھائی نے بھائی کو گولیاں مار کر لہولہان کر دیا

فیصل آباد(آن لائن) تھانہ صدر کے علاقہ ڈھڈی والا میں جائیداد کے تنازع پر بھائی نے بھائی کو گولیاں مار کر لہولہان کر دیا' حملہ آور ہوائی فائرنگ اور سنگین نتائج کی دھمکیاں دیتے ہوئے فرار ہو گیا، مضروب کو تشویشناک حالت میں ہسپتال پہنچا دیا گیا، پولیس مصروف تفتیش ہے۔

## جڑانوالہ میں مبینہ پولیس مقابلہ، ریکارڈ یافتہ ڈاکو ہلاک

سیدوالا نہر پل پر فائرنگ کا تبادلہ، دو ملزمان فرار، گرفتاری کیلئے چھاپے جاری

فیصل آباد (آن لائن) جڑانوالہ کے علاقہ سیدوالا نہر پل کے قریب مبینہ پولیس مقابلہ میں ریکارڈ یافتہ ڈاکو اپنے انجام کو پہنچ گیا جبکہ اس کے دو ساتھی رات کی تاریکی میں فرار ہو گئے' پولیس نے نعش تحویل میں لیکر پوسٹ مارٹم کیلئے ہسپتال منتقل کر کے فرار ہونیوالے ڈاکوؤں کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔پولیس ذرائع کے مطابق ایس ایچ او تھانہ صدر جڑانوالہ سب انسپکٹر ملک عمران نے اپنی ٹیم کے ہمراہ سیدوالا روڈ پر نہر پل کے قریب ناکہ پر مشکوک موٹر سائیکل سواروں کو روکنے کی کوشش کی تو انہوں نے پولیس پارٹی پر فائرنگ کر دی، پولیس پارٹی نے جوابی فائرنگ بھی کی۔

## والدین کی ڈانٹ ڈپٹ سے دل برداشتہ جواں سالہ لڑکی نے زہریلی گولیاں کھا کر خودکشی کر لی

فیصل آباد (آن لائن) والدین کی ڈانٹ ڈپٹ سے دل برداشتہ جواں سالہ لڑکی نے زہریلی گولیاں کھا کر خودکشی کر لی' ہسپتال انتظامیہ نے ضروری کارروائی کے بعد نعش ورثاء کے حوالے کر دی۔ بتایا جاتا ہے کہ جھنگ کی(باقی صفحہ اندرونی نمبر 31)

## آئل اور گیس کمپنیوں کے گزشتہ 10 سال کے منافع کی تفصیلات سامنے آگئیں

اسلام آباد(این این آئی) آئل اور گیس کمپنیوں کے گزشتہ 10 سال کے منافع کی تفصیلات سامنے آگئیں۔دستاویز کے مطابق گزشتہ 10 سال کے دوران کمپنیوں نے 2708 ارب 43 کروڑ کا منافع کمایا، سب سے زیادہ او جی ڈی سی ایل نے 1250 ارب(باقی صفحہ اندرونی نمبر 25)

## پنجاب میں ای ٹیسٹ رپورٹ کے اجراء کے حوالے سے تربیتی ورکشاپ کا انعقاد

محکمہ توانائی حکومت پنجاب کے چیف انجینئر پنجاب محمد یاسین، ڈائریکٹر ٹیکنیکل پنجاب و الیکٹرک انسپکٹر ظفر عباس کا خطاب

فیصل آباد(پ ر) بجلی کے نئے کنکشن کیلئے پنجاب میں ای ٹیسٹ رپورٹ کیلئے اقدامات کا آغاز ہو گیا۔اس سلسلہ میں سی ایم پنجاب کے ڈیجیٹل پنجاب ویژن کے تحت حکومت پنجاب کے محکمہ توانائی کے زیر اہتمام مقامی ہوٹل میں ای ٹیسٹ رپورٹ کے اجراء کیلئے ٹریننگ ورکشاپ منعقد کی گئی۔مہمان خصوصی چیف انجینئر پنجاب محمد یاسین نے ای ٹیسٹ رپورٹ کی افادیت اور موبائل ایپ کی اہمیت سے آگاہ کیا۔ڈائریکٹر ٹیکنیکل پنجاب و الیکٹرک انسپکٹر فیصل آباد ظفر عباس نے بطور میزبان ورکشاپ کے تمام شرکاء کا شکریہ ادا کیا جبکہ کنسلٹنٹ محمد عمر جاوید نے ٹیکنیکل بریفنگ دی۔اس موقع(باقی صفحہ اندرونی نمبر 24)

## فتح 4- کروز میزائل کا کامیاب تجربہ، پاک فوج اور سائنسدانوں کو مبارکباد

دفاعی خود انحصاری کی جانب اہم قدم، قومی سلامتی کا عزم مزید مضبوط



فیصل آباد(سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی مرکزی رہنما و ممبر قومی اسمبلی ڈاکٹر مرزا اختیار بیگ نے پاکستان کے مقامی طور پر تیار کردہ فتح 4- کروز میزائل کے توسیعی رینج والے ورژن کے کامیاب تجربے پر پاک فوج، سائنسدانوں، انجینئرز اور دفاعی ٹیکنالوجی کے ماہرین کو مبارکباد دی ہے۔ڈاکٹر مرزا اختیار بیگ نے کامیاب تجربے پر پوری قوم کو بھی مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ ایسی کامیابیاں قومی اعتماد کو مضبوط اور ملکی خودمختاری،(باقی صفحہ اندرونی نمبر 35)

## محسن پاکستان ڈاکٹر عبدالقدیر خان کے انتقال کو 5 سال ہو چکے، زاہد اسلم

پاکستان کے دفاع کو ناقابل تسخیر بنانے میں ان کے کردار کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا



فیصل آباد(سٹی رپورٹر) چیمبر آف کامرس کے سابق صدر میاں زاہد اسلم نے کہا کہ محسن پاکستان ڈاکٹر عبدالقدیر خان کے انتقال کو 5 سال ہو چکے پاکستان کے دفاع کو ناقابل تسخیر بنانے میں ان کے کردار کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا بلکہ تاریخ میں سنہرے حروف سے لکھا جائے گا۔وہ ایک غیر متنازع شخصیت تھے پاکستان کے لئے ناقابل برداشت نقصان ہے قوم ایک عظیم اور محب وطن رہنما سے محروم ہو گئی ہے محسن پاکستان ڈاکٹر عبدالقدیر(باقی صفحہ اندرونی نمبر 34)

## آٹے کی قیمتوں میں اضافہ، غریب کیلئے دو وقت کی روٹی مشکل ہو گئی، میاں صابر حمید

حکومت کی کارکردگی اشتہارات تک محدود، مہنگائی نے عوام کو پریشان کر دیا



فیصل آباد(سٹی رپورٹر) صدر اوورسیز پاکستانی کمیونٹی (اٹلی) میاں صابر حمید، میاں فہد صابر نے آٹے کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبائی حکومت کی کارکردگی صرف اشتہارات اور ٹک ٹاک تک محدود ہو کر رہ گئی ہے۔ عوام کو وقت کی روٹی میسر نہیں جبکہ وزیراعلیٰ کی تشہیر پر قومی خزانہ کا بے دریغ استعمال کر کے بلند بانگ دعوؤں اور میڈیا کی جادوگری سے عوام کو دھوکا دیا جا رہا ہے۔(باقی صفحہ اندرونی نمبر 33)

## لانگ مارچ کسی دباؤ پر ختم نہیں ہوگا، کنجی بانی پی ٹی آئی کے پاس ہے، محمد قیس قریشی

گورنر اختیارات سے تجاوز کر چکے، وزیراعظم اپوزیشن کے جائز مطالبات تسلیم کریں



فیصل آباد(سٹاف رپورٹر) سرپرست اعلیٰ متحدہ شیعہ القریش انٹرنیشنل پاکستان وینٹل کوآرڈینیٹر فور پنجاب انصاف ویلفیئر ونگ محمد قیس قریشی این اے 102 نے کہا کہ لانگ مارچ کسی دباؤ کے تحت ختم نہیں ہوگا، لانگ مارچ ختم کرنے کی کنجی بانی پی ٹی آئی کے پاس ہے۔انہوں نے کہا کہ گورنر فیصل کریم کنڈی نے کس حیثیت میں چیف سیکرٹری اور آئی جی کو طلب کیا؟ گورنر اختیارات سے تجاوز کر چکے ہیں۔انہوں(باقی صفحہ اندرونی نمبر 32)

# چیمبر آف کامرس کی نو منتخب کابینہ کو تاجروں کی حمایت کا اعلان


چیمبر آف کامرس تمام بزنس کمیونٹی کا متفقہ پلیٹ فارم ہے' کاروبار چھوٹا یا بڑا ہو سکتا ہے مگر تاجر چھوٹا یا بڑا نہیں ہو سکتا ہے

امین بٹ میرا کلاس فیلو ہے' چیمبر آنے پر میں امین بٹ اور ان کی ٹیم کو خوش آمدید کہتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ وہ اپنی تنظیم کے زیادہ سے زیادہ ممبران کو چیمبر کا ممبر بنائیں گے

فیصل آباد(پ ر) چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں پیٹنل گروپ کی شاندار فتح پیٹنل گروپ کے گروپ لیڈرز میاں محمد ادریس اور میاں جاوید اقبال کی ولولہ انگیز قیادت کا ثمر ہے' سپریم انجمن تاجران (امین بٹ گروپ) چیمبر آف کامرس کی نو منتخب کابینہ کو اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلاتی ہے اور انہیں تاریخی کامیابی پر مبارکباد پیش کرتی ہے' ان خیالات کا اظہار سپریم انجمن تاجران (امین بٹ گروپ) کے چیئرمین محمد امین بٹ' چیف آرگنائزر میاں مبین' گروپ لیڈر چوہدری بہادر علی' سینئر وائس چیئرمین ذیشان ظفر' انجمن تاجران ریلوے روڈ کے جنرل سیکرٹری سہیل بٹ' کی کلاتھ مارکیٹ کے چیف آرگنائزر(باقی صفحہ اندرونی نمبر 36)

## آزادی اظہار کے ساتھ سوشل میڈیا کا ذمہ دارانہ استعمال ضروری ہے

سوشل میڈیا پر جھوٹی خبروں اور نفرت انگیز مواد سے گریز کیا جائے، مولانا زاہد محمود قاسمی



فیصل آباد(سٹاف رپورٹر) اسلامی تعلیمات کی روشنی میں آزادی اظہار اور سوشل میڈیا کا ذمہ دارانہ استعمال وقت کی اہم ضرورت ہے۔اسلامی تعلیمات انسان کو آزادی اظہار کے ساتھ ساتھ اخلاقی ذمہ داریوں، شائستگی، برداشت اور دوسروں کے احترام کا درس دیتی ہے۔سوشل میڈیا پر کسی کی تضحیک، کردار کشی یا معاشرتی انتشار کو پھیلانے سے نوجوان نسل احتیاط کو لازم پکڑے۔نوجوان نسل پیغام پاکستان پر عمل پیرا ہو کر اسلامی اخلاقیات، ڈیجیٹل شعور اور مثبت ابلاغ کے فروغ کیلئے(باقی صفحہ اندرونی نمبر 42)

# نوجوان جدید علم اور ڈیجیٹل مہارتیں اپنائیں، ڈاکٹر ذوالفقار علی

پاکستان کا مستقبل ایسی نوجوان نسل سے وابستہ ہے جو جدت طرازی اور ذمہ دارانہ قیادت کی صلاحیت رکھتی ہو

تعلیم محض ڈگری حاصل کرنے کا نام نہیں بلکہ پیچیدہ مسائل کو سمجھنے، جدید اور مؤثر حل تلاش کرنے اور ملک کے مستقبل کی ذمہ داری اٹھانے کی صلاحیت پیدا کرنے کا ذریعہ ہے

فیصل آباد(آن لائن) زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ذوالفقار علی نے کہا ہے کہ پاکستان کا مستقبل نوجوان نسل، خصوصاً زراعت اور متعلقہ شعبوں سے وابستہ طلبہ کی صلاحیتوں سے گہرا تعلق رکھتا ہے۔انہوں نے طلبہ کو روایتی انداز فکر سے آگے بڑھنے اور جدید علم، ڈیجیٹل مہارتوں اور کاروباری صلاحیتوں سے خود کو آراستہ کرنے کی تلقین کی تاکہ وہ قومی اور بین الاقوامی سطح پر مسابقت کے قابل بن سکیں طلبہ علم، تنقیدی سوچ اور عملی مہارتوں کو فروغ دیتے ہوئے اپنے اپنے شعبہ جات میں نمایاں کارکردگی یقینی بنائیں کیونکہ تیزی سے بدلتی ہوئی دنیا ایسے نوجوان گریجویٹس کا تقاضا کرتی ہے جو چیلنجز کو مواقع میں بدلنے اور معاشرے کی بہتری میں بامعنی کردار ادا کرنے کی صلاحیت کے حامل ہوں۔ڈائریکٹوریٹ آف اسٹوڈنٹس افیئرز اور آفس آف چیف ہال وارڈن کے زیر اہتمام سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تعلیم محض ڈگری حاصل کرنے کا نام نہیں بلکہ پیچیدہ مسائل کو سمجھنے، جدید اور مؤثر حل تلاش کرنے اور ملک کے مستقبل کی ذمہ داری اٹھانے کی صلاحیت پیدا(باقی صفحہ اندرونی نمبر 43)



## رانا زبیر کی دعوت ولیمہ، ملک سلیم فریدی کی خصوصی شرکت، تقریب میں رونق دوبالا

علماء کرام کی دعائیں اور معززین کی شرکت سے محفل میں چار چاند لگ گئے

فیصل آباد(پ ر) معروف سیاسی و سماجی شخصیت ملک محمد سلیم فریدی نے رانا زبیر کی دعوت ولیمہ میں خصوصی طور پر شرکت کی۔اس موقع پر ملک محمد سلیم فریدی کے ہمراہ ملک محمد تنویر، چوہدری محمد امین جٹ، عبدالوحید چیمہ، ادریس مغل، میاں مصطفیٰ، رانا حسن، اشفاق سندھو، ماسٹر اکرام، ڈاکٹر ایم اے سلیم سمیت دیگر احباب محبت نے شرکت کی اور دولہا رانا محمد زبیر کو شادی کی دلی مبارکباد پیش کی اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔اس موقع پر ملک محمد سلیم فریدی نے کہا کہ اس بابرکت موقع پر علماء کرام کی موجودگی اور خیر و برکت کی دعائیں ہمارے معاشرے کے لیے باعث فخر و مسرت(باقی صفحہ اندرونی نمبر 37)

## پاک۔ترک وزارت داخلہ کے درمیان دہشتگردی، منظم جرائم کے سدباب کیلئے تعاون بڑھانے کا معاہدہ

استنبول(این این آئی) پاکستان اور ترکیے کی وزارت داخلہ نے دہشت گردی، منشیات اور منظم جرائم کے سدباب کے لیے تعاون بڑھانے کے معاہدے پر دستخط کیے ہیں۔وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی دورہ ترکیہ پر استنبول پہنچے اور ترکیہ کی وزارت داخلہ میں ترک ہم منصب(باقی صفحہ اندرونی نمبر 38)

## گورنر راج کی دھمکیاں دینے والوں کی کارکردگی صفر ہے، بلال خان یوسفزئی

بانی پی ٹی آئی سے ملاقات، ہسپتال منتقلی اور اسیر خواتین کی رہائی کا مطالبہ



فیصل آباد(سٹاف رپورٹر) سٹی صدر آئی ایل ایف پاکستان تحریک انصاف بلال خان یوسفزئی ایڈووکیٹ نے کہا کہ گورنر راج کی دھمکی دینے والوں کی اپنی کارکردگی صفر ہے، وفاقی حکومت ہائیکورٹ اور سپریم کورٹ کے فیصلوں کا احترام کرے۔انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی سے ملاقات اور انہیں ہسپتال منتقل کرنے کے مطالبات سے پیچھے نہیں ہٹیں گے، وفاقی حکومت بانی پی ٹی آئی کی بہنوں سمیت تمام اسیر خواتین کو رہا کرے۔انہوں نے سہیل آفریدی کے خلاف منفی پروپیگنڈے پر بھی افسوس کا اظہار کیا۔



فیصل آباد۔ لائیوسٹاک اور پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ٹیمیں مضر صحت گوشت کی فروخت پر ایکشن لے رہی ہیں

## پی آئی اے کا جدید بوئنگ 787 طیارے حاصل کرنے کا معاہدہ کر لیا

قومی ایئرلائن نے ناروے کی فضائی کمپنی نورس اٹلانٹک کے ساتھ 2 ڈریم لائنرز حاصل کرنے کا معاہدہ کیا

لاہور(این این آئی) پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز نے برطانیہ اور پاکستان کے درمیان بڑھتی ہوئی سفری طلب پوری کرنے کے لیے ناروے کی فضائی کمپنی نورس اٹلانٹک کے ساتھ 2 جدید بوئنگ 787 ڈریم لائنرز حاصل کرنے کا معاہدہ کر لیا ہے۔ نئے طیاروں کے ذریعے نومبر 2026 کے اوائل سے لندن اور مانچسٹر سے لاہور اور اسلام آباد کے لیے پروازیں شروع ہونے کی توقع ہے۔پی آئی اے کے ترجمان کے مطابق معاہدے کے تحت نورس اٹلانٹک قومی ایئرلائن کو 2 بوئنگ 787 ڈریم لائنرز عملے، دیکھ بھال اور بیمہ سمیت فراہم کرے گی۔

## کے فور پروجیکٹ: کراچی کی 96 کلومیٹر طویل 20 مرکزی سڑکیں کھودنے کا فیصلہ

کراچی (این این آئی) کراچی میں کے فور پروجیکٹ کے حکام نے بتایا ہے کہ جنوری 2027 میں شہر کی 20 سے زائد مرکزی سڑکیں کھودی جائیں گی، جس کے باعث شہریوں کو شدید ٹریفک جام کا سامنا کرنا پڑے گا جبکہ(باقی صفحہ اندرونی نمبر 40)

## ملک و قوم اور جمہوریت کے لیے مذاکرات کا کامیاب ہونا ناگزیر ہے

گورنر راج یا ایمرجنسی نہیں لگنی چاہیے، صوبہ دہشتگردی کی لپیٹ میں ہے، اظہر محمود

فیصل آباد(سٹاف رپورٹر) کوآرڈینیٹر ویسٹ پنجاب پاکستان سپورٹس اینڈ کلچر فیڈریشن حافظ اظہر محمود نے کہا کہ ملک و قوم اور جمہوریت کے لیے مذاکرات کا کامیاب ہونا ناگزیر ہے، گورنر راج یا ایمرجنسی نہیں لگنی چاہیے، صوبہ دہشتگردی کی لپیٹ میں ہے، بانی پی ٹی آئی کیساتھ ملاقاتوں سمیت گرفتار رہنماؤں کو رہا کیا جائے، بانی پی ٹی آئی کے علاج کے لیے ڈاکٹر لندن سے نہیں بلایا گیا، وہ لاہور میں بھی ہوتا ہے۔انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے مذاکرات کی مشروط پیشکش کی ہے، حکومت ہم پر قدغنیں لگا رہی ہے، ہم سیاسی لوگ ہیں، سیاسی لوگ غیر مشروط طور پر بیٹھتے ہیں۔

## وکلاء کی فلاح و تحفظ ایکٹ پر عملدرآمد کے لیے مشاورت جاری رکھنے پر اتفاق

کراچی(این این آئی) وزیر داخلہ و قانون سندھ ضیاالحسن لنجار کی زیر صدارت وکلاء کی فلاح و تحفظ ایکٹ 2023 پر عملدرآمد سے متعلق اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایکٹ پر عملدرآمد اور قانونی برادری کے تحفظات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں حکومت اور وکلاء کے نمائندوں(باقی صفحہ اندرونی نمبر 44)

## دفاع حرمین شریفین کانفرنس، علما کا سعودی عرب سے اظہار یکجہتی

حرمین شریفین کے تحفظ اور امت مسلمہ کے اتحاد کیلئے مشترکہ عزم

فیصل آباد(سٹاف رپورٹر) مجلس تحفظ حرمین شریفین پاکستان کے زیر اہتمام کلیہ دارالقرآن والحدیث میں دفاع حرمین شریفین کانفرنس کا انعقاد جملہ مکاتب فکر کے علماء مشائخ معززین کی بھرپور شرکت مدیر اعلیٰ ادارہ مرکزی چیئرمین مجلس شیخ الحدیث مفتی محمد انس مدنی نے صدارتی کلمات میں کہا کہ حرمین شریفین پر حملوں سے فرزندان اسلام رنجیدہ ہیں ارض مقدس عالم اسلام کی محبتوں عقیدتوں کا مرکز ہے حرمین شریفین اور سعودی عرب کی حفاظت کے لیے بڑی سے بڑی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے اس موقع پر ملک کے ممتاز عالم دین علامہ محمد ریاض کھرل نے کہا کہ مجلس تحفظ حرمین شریفین کے ذریعے دفاع حرمین کانفرنس کا انعقاد قوم کو آپس میں ملانے جگانے کا(باقی صفحہ اندرونی نمبر 41)

# پاور لومز انڈسٹری کے مسائل پر وزیراعظم کو رپورٹ پیش ہوگی

میری ٹائم سیکٹر کے قوانین تقریباً 150 سال پرانے ہیں، جبکہ اس وقت پاکستان کی فشریز کی برآمدات تقریباً 600 ملین ڈالر ہیں

حالیہ میڈیا رپورٹ کے بعد اس معاملے پر تشویش میں اضافہ ہوا ہے اور بتایا گیا ہے کہ پاور لومز کے تقریباً 40 فیصد یونٹس بند ہو چکے ہیں، جس کے نتیجے میں تقریباً ایک لاکھ افراد بے روزگار ہوئے ہیں

فیصل آباد(سٹی رپورٹر) پاور لومز سیکٹر کو درپیش مسائل کے حل کیلئے متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے جامع قلیل اور درمیانی مدت کی پالیسی مرتب کی جائے گی جبکہ موجودہ صورتحال کے بارے میں رپورٹ سوموار کو وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف کو پیش کر دی جائے گی۔ یہ بات وزیراعظم کے مشیر برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان نے فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں کاروباری برادری سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کی توجہ معیشت کی پائیدار بحالی پر مرکوز ہے اور وزیراعظم کی ہدایت پر وہ کاروباری برادری اور صنعتی شعبے کے بنیادی مسائل کے حل کیلئے کوشاں ہیں۔(باقی صفحہ اندرونی نمبر 39)

## ڈاکٹر عبدالقدیر خان اور شہید بھٹو قومی ہیرو ہیں، لال حسین راشد

محسن پاکستان ڈاکٹر عبدالقدیر خان کی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی



فیصل آباد(سٹی رپورٹر) پیپلز لیبر بیورو فیصل آباد کے ڈویژنل جنرل سیکرٹری لال حسین راشد، سینئر نائب صدر میاں ارشد ندیم، ڈویژنل سیکرٹری اطلاعات محمد طاہر شیخ نے کہا کہ زندہ قومیں اپنے محسنوں کو کبھی نہیں بھولتیں پاکستان کے دفاع کو ناقابل تسخیر بنانے والے ہیرو شہید قائد عوام بھٹو اور ڈاکٹر عبدالقدیر خان کو قوم ہمیشہ یاد رکھے گی اللہ کے فضل کے بعد اور محسن پاکستان ڈاکٹر عبدالقدیر خان کی انتھک کی بدولت آج(باقی صفحہ اندرونی نمبر 45)

## آٹے کی قیمت میں اضافہ، کراچی، پشاور اور اسلام آباد کے شہری سب سے مہنگا آٹا خریدنے پر مجبور

اسلام آباد(این این آئی) ملک میں ہفتہ وار مہنگائی میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے اور ایک ہفتے میں 20 کلو آٹے کی قیمت میں 400 روپے تک اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ادارہ شماریات کے مطابق ملک میں ہفتہ وار بنیادوں(باقی صفحہ اندرونی نمبر 46)

## ملتان، نکاح کا جھانسہ دے کر لڑکیوں کو سعودی عرب لے جانے والے مبینہ گروہ کا انکشاف

شیخوپورہ کے شفیق نامی شخص نے مبینہ طور پر ورغلا کر گروہ کے حوالے کیا، متاثرہ لڑکی

ملتان (این این آئی) نکاح کا جھانسہ دے کر لڑکیوں کو سعودی عرب لے جا کر غیرقانونی کاموں پر مجبور کرنے والے مبینہ گروہ کا انکشاف ہوا ہے۔متاثرہ لڑکی مبینہ ظلم سے تنگ آ کر پاکستان واپس پہنچ گئی اور انصاف کے حصول کے لیے پولیس کو درخواست دے دی۔متاثرہ لڑکی کے مطابق شیخوپورہ کے شفیق نامی شخص نے اسے ورغلا کر مبینہ طور پر گروہ کے حوالے کیا۔لڑکی کا دعویٰ ہے کہ جنوبی پنجاب کی متعدد لڑکیاں بھی اس گروہ کے مبینہ استحصال کا شکار ہیں۔متاثرہ لڑکی نے بتایا کہ اس نے تھانہ بی ڈویژن میں درخواست دے رکھی ہے جبکہ معاملہ عدالت میں بھی زیر سماعت ہے۔اس کا الزام ہے کہ ملزمان گھر آ کر اسے ہراساں کرتے ہیں اور گھر پر قبضے کی کوشش بھی کرتے ہیں۔



فیصل آباد: رانا محمد زبیر کی دعوت ولیمہ میں معروف سیاسی و سماجی شخصیت ملک محمد سلیم فریدی، ملک محمد تنویر، چوہدری محمد امین جٹ، عبدالوحید چیمہ، ادریس مغل، میاں مصطفیٰ، رانا حسن، اشفاق سندھو، ماسٹر اکرام، ڈاکٹر ایم اے سلیم مغل و دیگر احباب محبت بھی موجود ہیں



فیصل آباد: پاکستان مسلم لیگ ن کے امیدوار برائے چیئرمین چوہدری محسن سلیم عوامی گڈز والے سماجی شخصیات تجمل حسین محمد خلیل کے ہمراہ علاقہ میں ترقیاتی کاموں کا جائزہ لے رہے ہیں

Scanned with CamScanner